Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 — ہفتہ ،28 فروری 2026ء ، 10 رمضان المبارک 1447ھ، قیمت 10روپے — شمارہ 315

پاکستان عزت کیساتھ امن کا خواہاں ہے، سربراہ پاک فضائیہ

سات سال قبل دشمن نے پاکستان کی خودمختاری کو چیلنج کیا اور ہمیشہ کی طرح جھوٹے بیانیے پر مبنی اپنے اندازے میں ہماری صلاحیت اور عزم کا غلط اندازہ لگایا

آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ قومی اتحاد، پیشہ ورانہ برتری اور قابلِ اعتماد دفاعی صلاحیت کی علامت ہے،)سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد(این ای این)سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے ایئر ہیڈکوارٹرز میں آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ کی ساتویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے جو عزت کے ساتھ امن کا خواہاں ہے۔سربراہ پاک فضائیہ نے مزید کہا کہ سات سال قبل دشمن نے پاکستان کی خودمختاری کو چیلنج کیا اور ہمیشہ کی طرح جھوٹے بیانیے پر مبنی اپنے اندازے میں ہماری صلاحیت اور عزم کا غلط اندازہ لگایا۔انہوں نے کہا کہ دشمن ہمارے پختہ عزم، جذبہ قربانی اور بے مثال حوصلے سے بے خبر ہوکر رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ آور ہوا۔ایئر چیف نے کہا کہ دن کی روشنی میں نپی تلی اور مؤثر کارروائی کے ذریعے ہم نے عددی برتری رکھنے والے دشمن کے خلاف اپنی دفاعی قوت کا مظاہرہ کیا۔سربراہ پاک فضائیہ نے کہا کہ پیچیدہ عالمی وعلاقائی ماحول اور جنگ کے تیزی سے بدلتے (بقیہ نمبر 1)

10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کرانے پر غور

وزیرخزانہ کی سربراہی میں قائم اعلیٰ سطحی کمیٹی نے مینجمنٹ رپورٹ کابینہ کو بھجوادی

10 روپے کا سکہ متعارف کرانے سے 50 ارب روپے کی بچت ہوگی

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی کابینہ نے 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کرانے پر غور شروع کردیا ہے۔اس اقدام سے قومی خزانے کو 40 سے 50 ارب روپے کی ممکنہ بچت کا امکان ہے۔وفاقی کابینہ نے وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کی سربراہی میں کمیٹی کو ٹاسک (بقیہ نمبر 3)

آپریشن غضب للحق افواج پاکستان کو خراج تحسین

پاکستان اپنے دفاع، سلامتی اور عوام کی جان ومال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، مریم اورنگزیب

لاہور(این این آئی) پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے افغانستان کی طرف سے حملوں کا بھرپور جواب دینے پر افواج پاکستان کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔مریم اورنگزیب نے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش (بقیہ نمبر 6)

ٹیکس وصولی ایف بی آر کا آج دفاتر کھلے رکھنے کا فیصلہ

ہفتہ وار چھٹی کے باوجود ایل ٹی اوز، ایم ٹی او،سی ٹی اوز اور آر ٹی اوز میں معمول کے اوقات کار جاری رکھنے کی ہدایت

لاہور(این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس وصولی کے پیش نظر 28 فروری کو ہفتہ وار چھٹی کے باوجود تمام متعلقہ دفاتر کھلے رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ایف بی آر کی جانب سے جاری اہم ہدایات کے مطابق ایل ٹی اوز،(بقیہ نمبر 5)

پنجاب حکومت نے 07 افسران کے تقرر وتبادلے کر دیئے

فاروق رشید ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ توانائی، عبداللہ نیئر شیخ ڈی جی اسپیشل پلاننگ اتھارٹی تعینات

لاہور(این این آئی) پنجاب حکومت نے 07 افسران کے تقرر وتبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ڈائریکٹر جنرل اسپیشل پلاننگ اتھارٹی محمد فاروق رشید کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ توانائی تعینات ،ایڈیشنل سیکرٹری(بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف زرعی اصلاحات سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

آپریشن میں پاکستانی فوج کے 12 سپوت شہید اور 27 زخمی ہوئے، قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

آپریشن غضب للحق

274 افغان طالبان ہلاک 400 سے زائد زخمی

طالبان رجیم کی 74 سے زائد پوسٹیں مکمل تباہ، 18 پاکستان کے قبضے میں ہیں، دشمن کے 115 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں تباہ اور اے پی سیز کی جا چکی ہیں، تمام 53 مقامات پر حملوں کو پسپا کیا گیا

دہشتگردوں اور ان کے سہولتکاروں کو ایسا جواب دیا گیا جس کے وہ مستحق تھے، افغان طالبان بے شرمی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، کیا افغان طالبان نے اپنے معاہدے کی پاسداری کی؟، پاکستان میں دہشتگردی کے ہر واقعے میں بھارت ملوث ہے

افغان طالبان رجیم اور دہشتگردوں میں کوئی فرق نہیں، ہمارا مؤثر جواب مسلح افواج کے مکمل چوکس ہونے کا مظہر ہے، بنیان المرصوص کی طرح گزشتہ رات بھی پوری قوم پاک افواج کیساتھ کھڑی تھی

دنیا سمجھتی ہے پاکستان کا آپریشن غضب للحق عوام کے تحفظ کیلئے ہے، سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، آپریشن غضب للحق مقاصد کی تکمیل تک جاری رہے گا، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی میڈیا کو بریفنگ

راولپنڈی (این ای این) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ آپریشن غضب للحق میں 274 طالبان رجیم کے اہلکار، خوارج ہلاک اور 400 سے زائد زخمی کردیے گئے، طالبان رجیم کی 74 سے زائد پوسٹیں مکمل طور پر تباہ اور 18 چوکیاں پاکستان کے قبضے میں ہیں، دشمن کے 115 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں تباہ اور اے پی سیز کی جا چکی ہیں، آپریشن میں پاکستانی فوج کے 12 سپوت شہید اور 27 زخمی ہوئے (بقیہ نمبر 15)

افغانستان کا کوئی علاقہ ہماری دسترس سے دور نہیں، رانا ثنا اللہ

افغانستان پر قابض جتھے کی کوئی اوقات نہیں، پاکستان کا صرف دہشتگردی کے خاتمے کا مطالبہ ہے

لاہور(این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ کابل سمیت افغانستان کا کوئی علاقہ ہماری دسترس سے دور نہیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ افغانستان پر قابض جتھے کی کوئی اوقات نہیں، پاکستان کی مسلح افواج(بقیہ نمبر 7)

اینٹی نارکوٹکس فورس کا کریک ڈاؤن جاری، 64.76 کلو منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 کارروائیوں میں 1 کروڑ 75 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 8)



راولپنڈی: وزیراعظم شہباز شریف جی ایچ کیو کے دورہ کے موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کررہے ہیں

بھارت کو دیئے گئے منہ توڑ جواب آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کو 7 برس مکمل

فروری 2019ء کو شروع کیے گئے آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کے ذریعے بھارتی جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا گیا

فیلڈ مارشل اور سروس چیفس نے اس موقع پر اپنے پیغام میں قومی سلامتی اور علاقائی امن کے عزم کا اعادہ کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی(این این آئی) پاکستان کی جانب سے 27 فروری 2019 کو بھارت کو اس کی اشتعال انگیزی پر دیے گئے منہ توڑ جواب آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کو 7 برس مکمل ہوگئے ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق افواج پاکستان کی قیادت نے افسروں اور جوانوں کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مسلح افواج کی قیادت نے (بقیہ نمبر 21)

غیر قانونی ملکیوں کو کسی قسم کی رہائشی جگہ فراہم نہ کی جائے

غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کے مالک مکانوں کیخلاف قانون کے مطابق کارروائیوں کا عمل جاری ہے

چیف کمشنر اسلام آباد وچیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت خصوصی ٹاسک فورس کا اجلاس

اسلام آباد(این ای این) چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت جمعہ کے روز غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کیخلاف کارروائی کیلئے خصوصی ٹاسک فورس کا اجلاس سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوا۔جسمیں انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی، ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اسلام آباد عرفان نواز میمن سمیت مختلف اضلاع راولپنڈی، اٹک، ہری پور اور مری کی ضلعی انتظامیہ و پولیس بزریعہ زوم اور وزارت داخلہ، نادرا، پی ٹی اے اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کے خلاف کارروائی کے حوالے سے ٹاسک فورس کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی(بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے عوامی جمہوریہ چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ کی ملاقات

نوجوان نے مبینہ طور پر گھر کو آگ لگادی، تحقیقات جاری

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے مدینہ کالونی والٹن کے قریب گھر میں آگ لگنے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ریسکیو 1122 کے مطابق فائر و ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ریسکیو فائر فائٹرز نے امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے بروقت آگ پر قابو پا لیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ(بقیہ نمبر 9)

پاک فوج کا جوابی قہر خوارج کی نسلوں کو بھی یاد رہے گا، عظمیٰ بخاری

خوارج ،انکے آباو اجداد اور اقربا نے پہلے بھی دھول چاٹی اب بھی دھول ہی چاٹیں گے

پوری قوم ہر حال، ہر وقت اور ہر طرح سے پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے

لاہور(این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پاک-افغان سرحد پر فتنہ خوارج کی جانب سے کی جانے والی بزدلانہ کارروائی کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دشمن عناصر پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں، مگر ایسی کارروائیاں قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتیں۔انہوں نے پاک فوج کی جانب سے خوارج اور ان کے ہینڈلرز کو فی الفور اور مہلک جوابی وار پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ان کا کہنا تھا کہ وطن عزیز کے بہادر سپوت ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب (بقیہ نمبر 16)

کابل اور پکتیا میں پاک فوج کے فضائی حملے، ویڈیو سامنے آگئی

افغان طالبان رجیم کے دو ہیڈکوارٹرز اور پکتیا میں ایک کور ہیڈکوارٹر کو تباہ کر دیا گیا

اسلام آباد(این این آئی) کابل اور پکتیا میں پاک فوج کے فضائی حملے کی ویڈیو سامنے آ گئی۔ذرائع کے مطابق تازہ فضائی حملوں میں کابل میں دو بریگیڈ (بقیہ نمبر 22)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کی تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں

پاک فوج کو سلام جنہوں نے پلک جھپکتے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا

خوارج اور ہینڈلرز کا ہر وار الٹا پڑے گا پاکستان کی مٹی کا ایک ایک ذرا بنیان مرصوص بن کر لڑے گا ،مریم نواز

ہماری فوج کا ہر جوان پاکستان کے وقار کا نگہبان ہے، پاکستان کی امن پسندی کو کمزوری سمجھنے والے بڑی بھول میں ہیں

لاہور(این این آئی)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاک افغان سرحد پر خوارج کے بزدلانہ حملے پر شدید ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کو سلام جنہوں نے پلک جھپکتے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے پاک افواج کی جانب سے افغان سرحد پر خوارج کو فوری اور منہ توڑ جواب دینے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سلام ہے پاک فوج کو جنہوں نے پلک جھپکتے(بقیہ نمبر 10)



وارسا: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پولینڈ، ایسٹونیا، لٹویا، فن لینڈ اور لتھوانیا کے وزرائے داخلہ کے ساتھ وارسا میں غیر قانونی امیگریشن اور سیکیورٹی تعاون پر 6 ملکی کانفرنس کے دوران

لاہور میں کرنٹ لگنے سے 30 سالہ مزدور جاں بحق

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں کرنٹ لگنے سے 30 سالہ مزدور جاں بحق ہو گیا۔ایدھی ترجمان کے مطابق چوکی سکیاں کے علاقے میں افسوسناک حادثہ پیش آیا جہاں زیر تعمیر مکان میں شٹرنگ کا کام کرتے ہوئے 30 شخص کرنٹ لگنے سے موقع پر دم توڑ گیا۔مزدور شٹرنگ کے دوران (بقیہ نمبر 23)

غیرقانونی امیگریشن سے متعلق عالمی کانفرنس

6 وزراء داخلہ کا پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

وارسا(این این آئی)پولینڈ کے دارالحکومت وارسا میں غیر قانونی امیگریشن سے متعلق 6 ممالک کے وزراء داخلہ کی کانفرنس جس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی (بقیہ نمبر 24)

لاہور: چیئرمین رویت ہلال کمیٹی وخطیب بادشاہی مسجد مولانا سید عبدالخبیر آزاد منشیات کیخلاف مساجد کے ذریعے آگاہی بارے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نوجوان نے مبینہ طور پر گھر کو آگ لگادی، تحقیقات جاری

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے مدینہ کالونی والٹن کے قریب گھر میں آگ لگنے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ریسکیو 1122 کے مطابق فائر و ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ریسکیو فائر فائٹرز نے امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 11)

سپیکر قومی اسمبلی سے پرتگال کے سفیر کی الوداعی ملاقات

ملاقات کے دوران پارلیمانی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد(این ای این)اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پرتگال کے سفیر مینوئل فریڈریکو پنہیرو دا سلوا نے پارلیمنٹ ہاؤس میں الوداعی ملاقات کی۔ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا (بقیہ نمبر17)

بھارت کے کہنے پر پنگا لیا تو بہت مہنگا پڑے گا ویڈیو وائرل

اب تمہیں اپنی حقیقت کا اندازہ ہو جائیگا، پاکستان ہمیشہ قائم ودائم رہے گا

اسلام آباد(این این آئی) آپریشن غضب للحق کے دوران افغان طالبان کی چیک پوسٹ پر کنٹرول حاصل کرنے کے بعد پاک فوج کے دلیر جوانوں نے وہاں قومی پرچم لہرایا اور مخالفین کو سخت پیغام دیا جس کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔تفصیلات(بقیہ نمبر 18)

قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینگے

افواج پاکستان اندرونی و بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، شہباز شریف

پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے متحد ہے،، وزیراعظم

اسلام آباد(این این آئی)وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی عوام اور مسلح افواج ملک کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں اور وطن عزیز کے دفاع پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔افغان جارحیت کے خلاف جاری آپریشن ضرب للحق کے حوالے سے وزیراعظم نے اپنے بیان میں کہا کہ افواج پاکستان کا عزم ہے کہ ملک کے امن اور تحفظ پر کسی (بقیہ نمبر 25)

پاک افغان صورتحال کے پیش نظر ہیلتھ ایمرجنسی نافذ

ادویات، طبی آلات اور ایمبولینس سروسز کی فعالیت یقینی بنانے کی ہدایت

چمن (این این آئی) پاک افغان صورتحال کے پیش نظر ضلع چمن میں ہیلتھ ایمرجنسی نافذ کردی گئی۔ڈی ایچ او کے مطابق محکمہ صحت کی ہدایت پر ضلع میں ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔ڈی ایچ او چمن کے مطابق ادویات، طبی آلات اور ایمبولینس(بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی اور کراچی میں کارروائی، متعدد افغان باشندے گرفتار

راولپنڈی / کراچی (این این آئی) کراچی اور راولپنڈی میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کارروائی کرکے متعدد افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔کراچی کے ضلع جنوبی میں پولیس، رینجرز اور سی ٹی ڈی نے کارروائی کرکے 2 افغان(بقیہ نمبر 12)

بائیکس پر ایم ٹیگ لگنے کی ڈیڈ لائن میں پانچ مارچ تک توسیع

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں بائیکس پر ایم ٹیگ لگنے کی ڈیڈ لائن میں پانچ مارچ تک توسیع کردی گئی۔ڈی جی ایکسائز کے مطابق ڈی جی ایکسائز کی جانب سے مہلت میں 5 مارچ تک اضافہ کر دیا گیا ،(بقیہ نمبر 26)

40 فیصد تدریسی اور انتظامی آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف

تمام جامعات کو فوری بھرتیوں کے لیے 15 اگست تک مہلت دے دی گئی

اسلام آباد/لاہور(این این آئی) ملک بھر کی سرکاری ونجی جامعات میں تقریباً 40 فیصد تدریسی اور انتظامی آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔جس کے بعد ہائر ایجوکیشن کمیشن نے سخت نوٹس لیتے ہوئے جامعات کے وائس چانسلرز اور ریکٹرز کو فوری سلیکشن بورڈز اور بھرتیوں کا عمل مکمل کرنے کے لیے 15 اگست تک مہلت دے دی ہے(بقیہ نمبر 28)

5 لاکھ ٹن سے زائد آلو کی ایکسپورٹ کے آرڈر مل گئے

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایگریکلچر انٹرنز کو "اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دیدی

ایگریکلچر انٹرنز کا ماہانہ وظیفہ 70 ہزار روپے کرنے کی منظوری، 2028 تک 28 ہزار سپر سیڈرز دینے کا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی)وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایگریکلچر انٹرنز کو "اپنا کھیت، اپنا روزگار" پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دے دی۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایگریکلچر سیکٹر میں ریفارمز کے لئے اہم فیصلے کیے گئے۔اجلاس میں آلو کے کاشتکاروں کے لئے 5 لاکھ ٹن سے زائد ایکسپورٹ کے آرڈرز کے بارے میں بھی تفصیلی بریفنگ لی گئی۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 14)

مشیر وزیراعظم رانا افضل خان جی سی یونیورسٹی میں منعقدہ لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بیوہ سہارا کارڈ اسکیم 2026ء کا باقاعدہ اعلان، رجسٹریشن جاری

صوبے بھر میں مستحق اور رجسٹرڈ بیوہ خواتین کو ایک لاکھ سے ڈیڑھ لاکھ تک مالی امداد فراہم کی جائیگی

ایک بچے کی کفالت کرنے والی بیوہ کو 1 لاکھ 25، دو یا زائد بچوں کی کفالت کرنے والی خواتین کو ڈیڑھ لاکھ دیا جائیگا

لاہور (این این آئی)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے بیوہ خواتین کی مالی معاونت کے لیے بیوہ سہارا کارڈ اسکیم 2026ء کا باقاعدہ اعلان کر دیا گیا۔سکیم کے تحت صوبے بھر میں مستحق اور رجسٹرڈ بیوہ خواتین کو ایک لاکھ سے ڈیڑھ لاکھ روپے تک مالی امداد فراہم کی جائے گی۔حکومت پنجاب کے مطابق اس اسکیم کا مقصد بیوہ خواتین کو معاشی سہارا فراہم کرنا، ان کی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مدد دینا اور انہیں خود کفیل بنانے کے مواقع فراہم کرنا ہے، اعلامیے کے مطابق مالی امداد کی رقم خاندان کی نوعیت اور بچوں کی تعداد کے مطابق مختلف ہوگی۔ایک بچے کی کفالت کرنے والی (بقیہ نمبر 27)

نارووال: محکمہ تحفظ ماحولیات کی ٹیم ایک بھٹے کا معائنہ کر رہی ہے

پاکستان نے کن کن افغان پوسٹوں پر قبضہ کیا؟

133 کارندے ہلاک، 27 افغان چوکیاں مکمل تباہ اور 9 افغان پوسٹوں پر قبضہ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کی جانب سے افغان پوسٹوں پر قبضے کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔پاکستان کا افغان طالبان رجیم کی جانب سے بلااشتعال کارروائی کے جواب میں آپریشن غضب للحق کے دوران فضائیہ اور بری افواج (بقیہ نمبر 19)

نیب نے جو ریکوری کی وہ اربوں نہیں کھربوں میں ہے

واگزار کی گئی اراضی مختلف لوگوں کے پاس تھی' اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد(این این آئی)وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ نیب نے جو ریکوری کی وہ اربوں نہیں کھربوں میں ہے۔سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے (بقیہ نمبر 20)

صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی موجودگی میں سپورٹس بورڈ پنجاب اور ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے درمیان ایم او یو پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جارہا ہے۔

ABC Certified — MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دہشت گردوں کے خلاف آپریشن

گزشتہ دو روز میں افواجِ پاکستان کی سینی ٹائزیشن مہم کے دوران خیبر پختونخوا کے علاقوں شمالی وزیرستان' لکی مروت اور بنوں میں پانچ مختلف کارروائیوں کے دوران 26 خوارج اور بلوچستان کے ضلع ژوب میں فتنہ الہندوستان کے 10 دہشت گرد ہلاک ہو چکے۔ سکیورٹی فورسز نے حالیہ دنوں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ دہشت گردی کے بڑھتے واقعات امن وامان اور ملکی معیشت کیلئے سنگین خطرہ ہیں' مگر یہ بھی ایک اٹل حقیقت ہے کہ دہشت گرد اپنی شرانگیز کارروائیوں سے وقتی طور پر تو نقصان پہنچا سکتے ہیں مگر ان کی شکست نوشتۂ دیوار ہے۔ دہشت گردی کے خلاف کامیاب حکمتِ عملی کا ناگزیر تقاضا ہے کہ قومی سطح پر اتفاق و اتحاد قائم کیا جائے اور سماج میں دہشت گردوں کیلئے نرم گوشے کا کوئی تصور بھی باقی نہ رہنے دیا جائے۔

اس کیلئے فعال سماجی اداروں اور متحرک قیادت ضروری ہے جو شدت پسندی کا مقابلہ مؤثر جوابی بیانیے سے کرے اور اس سوچ کے معاشرے میں پنپنے کے خلاف سدِ راہ ثابت ہو۔ تمام سٹیک ہولڈرز کو چاہیے کہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر حالات کی سنگینی کا ادراک کریں اور انتظامی' سماجی اور سیاسی سطح پر متحد ہو کر دفاعی اداروں کے شانہ بشانہ دہشت گردی کے عفریت کا مقابلہ کریں۔ دہشت گردی کے خطرات کے سدباب کیلئے سب سے زیادہ اہم سیاسی وسماجی ہم آہنگی ہے' جو دہشت گردی کے خلاف سب سے مؤثر ہتھیار ہے۔

سی ڈی ایف کا تاریخی دورہ میونخ

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

جدید ریاستی حکمت عملی اور فوجی سفارت کاری کی تاریخ ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے جہاں عالمی سطح پر اسٹریٹجک روابط نے اتحادوں کو نئی شکل دی، باہمی مفاہمت کو فروغ دیا اور بین الاقوامی امن وسلامتی کے ڈھانچے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس پیچیدہ اور مسلسل بدلتے ہوئے جغرافیائی سیاسی منظر نامے میں دفاع کی روایتی حدود سے نکل کر اعلیٰ سطح کے سفارتی مذاکرات میں سینئر فوجی قیادت کا کردار محض فائدہ مند ہی نہیں بلکہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ اسی تناظر میں پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا 12 سے 14 فروری 2025 تک جرمنی کا دورہ ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو عالمی سیکورٹی مذاکرات کے مرکز میں ایک نہایت منظم اور انتہائی اہم قدم ہے۔ میونخ سیکورٹی کانفرنس کے باوقار پلیٹ فارم پر ان کی شرکت پاکستان کی جانب سے ایک پختہ ارادے کا اظہار ہے اور یہ امن، سلامتی اور اسٹریٹجک استحکام سے متعلق معاملات پر عالمی برادری کے ساتھ تعمیری اور فعال طور پر منسلک ہونے کے ملک کے غیر متزلزل عزم کا اعلان ہے۔ میونخ سیکورٹی کانفرنس محض ایک اجتماع نہیں بلکہ ایک ایسا پلیٹ فارم تھا جہاں دنیا بھر کے سربراہان مملکت، وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع، ممتاز فوجی رہنماؤں اور ماہرین نے بین الاقوامی سیکورٹی پالیسی پر بحث کی اور فیلڈ مارشل منیر کی وہاں موجودگی اس بات کا ثبوت تھی کہ پاکستان اس عالمی مکالمے میں ایک معتبر اور باثر آواز بننا چاہتا ہے۔

میونخ کے اپنے اس باثر قیام کے دوران چیف آف ڈیفنس اسٹاف نے متعدد بین الاقوامی شخصیات اور دفاعی حکام کے ساتھ بامقصد اور دور رس نتائج کی حامل ملاقاتیں کیں۔ یہ ملاقاتیں محض رسمی فوٹو سیشن یا سفارتی تبادلے نہیں تھے بلکہ یہ پاکستان کے اس پختہ ارادے کو اجاگر کرنے کے لیے اسٹریٹجک روابط تھے کہ وہ عالمی سیکورٹی میں ایک ذمہ دار اور ناگزیر شریک کے طور پر موجود رہے اور باہمی احترام و مشترکہ مفادات کی بنیاد پر اپنے شراکت داروں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط کرے۔ آج کے دور میں جہاں اتحاد تیزی سے بدل رہے ہیں اور جنگوں کی نوعیت میں تکنیکی تبدیلیاں آرہی ہیں، ایسی اعلیٰ سطح کی ملاقاتیں قوموں کے درمیان اعتماد سازی اور تعاون کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں۔ میونخ میں ہونے والی گفتگو محض خلا میں نہیں تھی بلکہ ان حقیقتوں پر مبنی تھی جہاں دنیا غیر معمولی چیلنجز کا سامنا کررہی ہے اور یہ تسلیم کیا گیا کہ کوئی بھی ملک تنہا ان مسائل سے نہیں نمٹ سکتا۔ فیلڈ مارشل منیر کا یہ دورہ تعلقات کی آبیاری اور دوسروں کے نقطہ نظر کو سننے اور سیکھنے کے اسی انداز کی ایک بہترین مثال تھا۔

ان ملاقاتوں میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ ہونے والی گفتگو خاص طور پر قابل ذکر اور توجہ کا مرکز رہی جس میں عالمی وعلاقائی سلامتی اور دہشت گردی کے خلاف تعاون جیسے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس گفتگو میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان پائیدار اور کثیر الجہتی روابط کی اہمیت پر زور دیا گیا تاکہ سرحد پار دہشت گردی اور انتہا پسند نظریات جیسے پیچیدہ خطرات کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کیا جاسکے۔ دونوں رہنماؤں نے انٹیلی جنس شیئرنگ اور دہشت گرد نیٹ ورکس کو ختم کرنے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا تاکہ نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پوری عالمی برادری کو محفوظ بنایا جاسکے۔ یہ ملاقات ایک واضح پیغام تھا کہ پیچیدہ تاریخ کے باوجود دونوں ممالک مشترکہ تحفظات پر مل کر کام کرنے اور مواصلات کے راستے کھلے رکھنے میں اہمیت محسوس کرتے ہیں۔

امریکی قیادت کے علاوہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جرمن حکام کے ساتھ بھی اہم بات چیت کی جو پاکستان اور جرمنی کے دفاعی و سیکورٹی تعلقات کی گہرائی کو ظاہر کرتی ہے۔ جرمنی کے وفاقی وزیر داخلہ الیگزینڈر ڈوبرنڈٹ کے ساتھ ملاقات میں داخلی سلامتی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر توجہ مرکوز کی گئی جس میں انتہا پسندی کے خلاف حکمت عملی، جدید خطرات سے نمٹنے کے لیے بہترین طریقوں کے تبادلے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جدت کاری جیسے امور زیر بحث آئے۔ اس کے ساتھ ساتھ جرمن چانسلر کے خارجہ اور سیکورٹی پالیسی کے مشیر گنٹر ساؤٹر کے ساتھ ہونے والی گفتگو میں عالمی سیکورٹی کے رجحانات اور جنوبی ایشیا میں استحکام کے لیے سفارت کاری کے کردار پر زور دیا گیا۔ ان ملاقاتوں نے ثابت کیا کہ جرمنی علاقائی استحکام میں پاکستان کے کلیدی کردار کو تسلیم کرتا ہے اور اسٹریٹجک مواصلاتی ذرائع کو برقرار رکھنے میں گہری دلچسپی رکھتا ہے۔

اس دورے کا ایک اہم ستون جرمن مسلح افواج کے چیف آف ڈیفنس کارسٹن بریور کے ساتھ ملاقات تھی جس میں باہمی دفاعی تعاون کو بڑھانے کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا گیا۔ اس دوران تربیتی تبادلوں، پیشہ ورانہ فوجی تعلیم، مشترکہ مشقوں اور سائبر دفاع جیسے جدید شعبوں میں تعاون کے امکانات پر بات کی گئی۔ دونوں فوجی سربراہان نے اس بات کو تسلیم کیا کہ مسلح افواج کے درمیان مسلسل پیشہ ورانہ رابطہ نہ صرف فوجی صلاحیتوں میں اضافے کا باعث بنتا ہے بلکہ باہمی اعتماد کی فضا بھی قائم کرتا ہے جو کسی بھی بحران کے وقت انتہائی قیمتی ثابت ہوسکتی ہے۔ فیلڈ مارشل منیر کی اسٹریٹجک بصیرت صرف مغربی ممالک تک محدود نہیں تھی بلکہ انہوں نے برازیلین مسلح افواج کے چیف آف جوائنٹ اسٹاف ریناٹو روڈریگز ڈی اگیار فریئیر سے بھی ملاقات کی جس کا مقصد جنوبی امریکہ کی ایک بڑی طاقت کے ساتھ فوجی تعاون کو گہرا کرنا تھا۔ یہ ملاقات پاکستان کے اس ارادے کا اظہار تھی کہ وہ ابھرتی ہوئی طاقتوں کے ساتھ نئے تعلقات استوار کرکے اپنی شراکت داری کے دائرہ کار کو وسیع کرنا چاہتا ہے۔

پاکستان کی فوجی سفارت کاری کے عالمی اثرات کو مزید اجاگر کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے لبنانی فوج کے کمانڈر روڈولف ہیکل سے بھی ملاقات کی جس میں مشرق وسطیٰ کی بدلتی ہوئی صورتحال اور باہمی دفاعی تعاون پر گفتگو ہوئی۔ یہ ملاقات مشکل سیکورٹی حالات کا سامنا کرنے والے ممالک کے درمیان یکجہتی اور تجربات کے تبادلے کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ مجموعی طور پر ان تمام اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں کا اثر پاکستان کی فوجی قیادت کے اسٹریٹجک انداز فکر کی عکاسی کرتا ہے جہاں میونخ سیکورٹی کانفرنس نے نہ صرف رسمی بلکہ غیر رسمی رابطوں کا موقع بھی فراہم کیا جو غلط فہمیوں کو دور کرنے اور بحرانوں کے انتظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

پاکستان جیسے ملک کے لیے جس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے پناہ قربانیاں دیں اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں ہمیشہ فعال کردار ادا کیا، میونخ جیسی عالمی کانفرنس میں ایسی اعلیٰ سطح کی نمائندگی پاکستان کے امیج کو ایک ذمہ دار اور ناگزیر شراکت دار کے طور پر مضبوط کرتی ہے۔ یہ فورم پاکستان کو اپنے مستند نقطہ نظر کو پیش کرنے اور دہشت گردی کے خلاف اپنی کامیابیوں اور قربانیوں کو دنیا کے سامنے لانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ میونخ کا یہ دورہ پاکستان کے اس سفارتی موقف کو واضح کرتا ہے کہ جدید سیکورٹی چیلنجز جیسے سائبر خطرات، ماحولیاتی تبدیلیاں اور دہشت گردی کسی ایک ملک کا مسئلہ نہیں بلکہ عالمی تعاون کے متقاضی ہیں۔

پاکستان کی عوام کے لیے اپنی فوجی قیادت کی ایسی باوقار پلیٹ فارمز پر شرکت قومی فخر کا باعث ہے جو اس تاثر کو زائل کرتی ہے کہ پاکستان عالمی سطح پر تنہا ہے۔ یہ دورہ ثابت کرتا ہے کہ پاکستان باہمی احترام کی بنیاد پر عالمی طاقتوں کے ساتھ تعامل کررہا ہے اور ملک کے چیف آف ڈیفنس اسٹاف قومی سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے انتھک کوششیں کررہے ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے یہ کامیاب روابط جدید دور کی اس سفارت کاری کی بہترین مثال ہیں جو پاکستان کے طویل مدتی قومی مقاصد یعنی پائیدار سلامتی، خوشحالی اور بین الاقوامی احترام کے حصول میں معاون ثابت ہوں گے۔

خدا کا مہمان

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

محسنِ انسانیت فخرِ دو عالم نبوت ورسالت کے آفتاب ومہتاب انبیا ومرسلین کے تاج دار نور مجسم، شافع محشر سرور کونین محسنِ اعظم، سید المرسلین ہادی عالم رحمۃ للعالمین محبوب خدا پیغمبرِ رحمت ﷺ منبرِ رسول ﷺ پر جلوہ آفروز ہونے اور عاشقانِ رسول ﷺ کی پیاس بجھانے کے لیے منبر رسول ﷺ کی طرف بڑھتے ہیں۔ جب آپ ﷺ نے پہلی سیڑھی پر قدم مبارک رکھا تو باآواز فرمایا آمین پھر جب دوسری سیڑھی پر قدم مبارک رکھا تو فرمایا آمین پھر جب منبرِ رسول ﷺ کی تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو پھر فرمایا آمین۔ عاشقانِ مصطفے ﷺ آپ ﷺ کے باآواز آمین کہنے پر تھوڑے حیران تھے کہ آج شہنشاہ کائنات ﷺ روٹین سے ہٹ کر باآواز آمین کیوں کہہ رہے ہیں تو آقائے دو جہاں ﷺ نے فرمایا جب میں نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو میرے پاس فرشتوں کے سردار جبرائیل امین آئے اور کہا اے سیدنا محمد ﷺ جس نے رمضان کو پایا اور اس کی بخشش نہیں کی گئی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کردے میں نے کہا آمین پھر جبرائیل نے کہا جس نے اپنے ماں باپ ان میں سے کسی ایک کو پایا اس کے باوجود وہ دوزخ میں داخل ہو گیا یعنی ماں باپ کی خدمت کرکے جنت حاصل نہ کی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کردے میں نے کہا آمین پھر جبرائیل بولے جس کے سامنے محبوب خدا آپ ﷺ کا ذکر کیا جائے اور وہ آپ ﷺ پر درود شریف نہ پڑھے اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کردے تو میں نے کہا آمین۔ محترم قارئین اب کہنے والا فرشتوں کا سردار ہو اور آمین کہنے والے نبیوں کے سردار ﷺ اور محبوب خدا ﷺ ہوں جن کی وجہ سے ہی کائنات تخلیق کی گئی ہوتا کیا ایسی دعا قبول نہ ہوگی۔ روز اول سے قیامت تک شب وروز اسی طرح چلتے رہیں گے اِن دنوں میں بہت سارے دن افضل ہیں یوں تو تمام زمانے، سال، مہینے، دن رات اچھی ساعتیں اور صدیاں سب اللہ تعالی کی ہیں۔ تاہم رمضان المبارک کو اللہ تعالی نے خاص اعزاز اور فضیلت سے نوازا ہے۔ رمضان میں ایک خاص روحانی اور جسمانی سرشاری اور کیفیت ہے قرآن مجید کے نزول اور روزے کا مہینہ قرار دے کر باقی مہینوں سے اعلی اور ممتاز مقام عطا کر دیا ہے۔ ماہِ رمضان میں ہونے والی عبادت کا درجہ کم از کم ستر گنا اور زیادہ کی قید نہیں ہے۔ سرور کائنات ﷺ نے شعبان کے آخری جمعہ کے موقع پر خطبہ دیا وہ استقبال رمضان کے حوالے سے تھا۔ رحمتِ دو عالم ﷺ نے فرمایا اے لوگوں تم پر ایک ایسا مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے جس کا اول رحمت وسط مغفرت اور آخر جہنم سے آزادی ہے۔ اِس مہینہ میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے اللہ نے اِس مہینہ میں روزہ فرض کر دیا ہے اور اِس کی رات میں قیام کو نفل کر دیا ہے جو شخص اِس مہینہ میں کوئی نیکی کرے تو وہ دوسرے مہینہ میں فرض ادا کرنے کی مثل ہے اور جو شخص اِس مہینہ میں فرض ادا کرے تو وہ ایسا ہے جیسے دوسرے مہینہ میں ستر فرض ادا کیے یہ صبر کا مہینہ ہے یہ وہ مہینہ ہے جس میں مومن کے رزق میں زیادتی کی جاتی ہے اِس مہینہ میں جو کسی روزہ دار کو افطار کرائے اس کے لیے گناہوں کی مغفرت ہے اور اس کی گردن کے لیے دوزخ سے آزادی ہے اور اس کو بھی روزہ دار کے مثل اجر ملے گا اور روزہ دار کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ ہم میں سے ہر شخص کی یہ استطاعت نہیں ہے کہ وہ روزہ دار کو افطار کرا سکے تو رحمت دو عالم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالی یہ ثواب اس شخص کو بھی عطا فرمائے گا جو روزہ دار کو ایک کھجور یا ایک گھونٹ پانی یا ایک گھونٹ دودھ سے روزہ افطار کرائے یہ وہ مہینہ ہے جس کا اول رحمت ہے جس کا درمیان مغفرت ہے اور جس کا آخر جہنم سے آزادی ہے۔ جس شخص نے اس مہینہ میں اپنے خادم سے کام لینے میں کمی کی اللہ اس کی مغفرت کردے گا اور اس کو دوزخ سے آزاد کردے گا اِس مہینہ میں چار خصلتوں کو جمع کر و دو خصلتوں سے تم اپنے رب کو راضی کرو اور دو خصلتوں کے بغیر تمہارے لیے کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ جن دو خصلتوں سے تم اپنے رب کو راضی کرو گے وہ کلمہ شہادت پڑھنا اور اللہ تعالی سے استغفار کرنا ہے اور جن دو خصلتوں کے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے وہ یہ ہیں کہ تم اللہ سے جنت کا سوال کرو اور اس کی دوزخ سے پناہ طلب کرو اور جو شخص روز دار کو پانی پلائے گا اللہ تعالی اس کو میرے حوض سے پانی پلائے گا اسے پھر کبھی پیاس نہیں لگے گی حتی کہ وہ جنت چلا جائے گا۔ سرور دو عالم محبوب خدا ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ جس شخص نے رمضان کے مہینہ میں اپنی حلال کمائی سے کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا تو رمضان کی تمام راتوں میں فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں اور لیل القدر میں فرشتوں کے سردار جبرائیل امین اس سے مصافحہ کرتے ہیں اور جس سے جبرائیل مصافحہ کرتے ہیں اس کے دل میں رقت پیدا ہوتی ہے اور اس کے آنسو نکلتے ہیں حضرت سلیمان نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ یہ فرمایئے کہ کسی شخص کے پاس افطار کرانے کے لیے کچھ نہ ہو تو رحمتِ دو جہاں ﷺ نے فرمایا ایسا شخص ایک مٹھی کھانا دے دے میں نے کہا یہ فرمایئے اگر اس کے پاس روٹی کا ایک لقمہ بھی نہ ہو تو شافع محشر ﷺ نے فرمایا وہ ایک گھونٹ دودھ دے دے میں عرض کیا اگر اس کے پاس وہ بھی نہ ہو تو فرمایا وہ ایک گھونٹ پانی دے دے۔ حضرت عبادہ بن صامت بیان کرتے ہیں کہ جب رمضان آیا تو سرور کائنات ﷺ نے فرمایا۔ تمہارے پاس رمضان آگیا ہے یہ برکت کا مہینہ ہے اللہ تعالی تم کو اِس میں ڈھانپ لیتا ہے اِس میں رحمت نازل ہوتی ہے اور گناہ جھڑ جاتے ہیں اور اِس میں دعا قبول ہوتی ہے اللہ تعالی اِس مہینہ میں تمہاری رغبت کو دیکھتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

سارہ عمیر کو کرینہ کپور سے مشابہت پر حسد اور تنقید کا سامنا

میں خود کرینہ کپور خان کو پسند کرتی ہوں اور یہ موازنہ میں نے شروع نہیں کیا

آج کل شریف مرد بہت کم رہ گئے ہیں، اداکارہ غنا علی

اگر اچھا مرد مل جائے تو فوری شادی کرلینی چاہیے، اداکارہ کا مشورہ



کاش کوئی کراچی کو بھی لاہور جیسا خوبصورت کردے، سونیا حسین

لاہور گھومی اور وہاں بہتر سڑکوں اور خوبصورت ماحول کو دیکھ کر متاثر ہوئی

اداکار قوی خان کی تیسری برسی 5 مارچ کو منائی جائے گی

قوی خان نے 200 سے زائد فلموں اور لاتعداد ٹی وی ڈراموں میں کام کیا



مسٹر بیسٹ کا خود کو لاحق نایاب آنکھوں کی بیماری سے متعلق انکشاف

برلن فلم فیسٹیول: فلسطینی فلم ساز نے جرمنی کو آئینہ دکھا دیا

شوبز چھوڑنے کا ارادہ ہے اور نہ کبھی ایسا خیال آیا، سنبل اقبال

میں نے اب تک جتنا کام کیا ہے لوگوں نے سراہا ہے، جس پر میں سب کا شکریہ ادا کرتی ہوں

عمر کتنی ہے اور شادی کب کررہی ہیں؟ اداکارہ عینا آصف کا بڑا انکشاف

میں نے ثابت کیا ہے کہ میں مشکل کردار ادا کرسکتی ہوں، عینا آصف

سپورٹس SPORTS

ہیری بروک کی شاندار سنچری پر وسیم اکرم اور میر رابعہ کا ردعمل سوشل میڈیا پر وائرل

سری لنکا کے کپتان کی ٹی 20 ورلڈ کپ سے باہر ہونے کے بعد حکومت سے خصوصی اپیل

سری لنکا اور پاکستان کے درمیان سپر ایٹ مرحلے کا میچ آج کھیلا جائیگا

پاکستان ٹیم میں صلاحیت ہے وہ سیمی فائنل میں پہنچ سکتی ہے

فرانسیسی گول کیپر نے انجری کا بہانہ کرکے مسلمان کھلاڑیوں کو افطار کا موقع دیدیا

OFFICE OF THE MEDICAL SUPERINTENDENT, BENAZIR BHUTTO HOSPITAL, RAWALPINDI.

TENDER NOTICE

(Through E-Procurement).

Offers are invited for Bulk Purchase of Lab Kits & Chemicals items on frame work contract basis for BBH, Rawalpindi for the financial year 2026-27 from well reputed, Experienced in the relevant field , G.S.T / P.S.T , Income Tax and registered on E-PADs registered firms. Tender forms are available on PPRA Website, E-PADS on Punjab acquisitions and Disposal System. Scope of work is as follow: -

S. No.	Name of item & Scope of Work	Estimated Cost	2% Bid Security	Submission date & Time
1	Bulk Purchase of Lab Kits & Chemicals items on frame work contract basis for the financial year 2026-27 for BBH, Rawalpindi.	Rs. 22,93,98,565/-	Rs. 45,87,971/-	25-03-2026 till 10:30 am

15. 2% Bid Security of total tender value in shape of call deposit receipt / Bank Guarantee in the name of Medical Superintendent, Benazir Bhutto Hospital, Rawalpindi, is mandatory.
16. Bidding Documents including all details can be downloaded free of cost form the PPRA's Website (www.ppra.punjab.gov.pk) & (http://eprocure.gov.pk).
17. Bids submitted electronically on e-PADS by 25-03-2026 till 10:30 am which will be opened on the same day at 11:00 am through E-PADS. Hard Copies of E-Bids are not required.
18. Single Stage Two Envelope bidding Procedure will be adopted as per PPRA Rule.
19. All Assessments and procuring procedure shall be governed by the PPRA Rules & E-PADS.
20. BBH, Rawalpindi will not be responsible for any cost or expense incurred by the bidder about the preparation of or delivery or electronic submission of the bids.
21. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/ViewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Medical Superintendent,
Benazir Bhutto Hospital.Rawalpindi.

IPL-2173

بقیہ 1

رجحانات کے پیش نظر، مالی مشکلات کے باوجود پی اے ایف نے مارچ 2021 سے ایک جامع جدت طرازی اور مقامی سطح پر تیاری کے سفر کا آغاز کیا اور اسے بھرپور انداز میں جاری رکھا تاکہ پاک فضائیہ کو نیکسٹ جنریشن ایئر فورس میں تبدیل کیا جا سکے۔ اُنہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پی اے ایف نے جدید جنگ کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اپنی آپریشنل ڈاکٹرائن کو فوری طور پر ازسرنو ترتیب دیا اور کم سے کم وقت میں جدید ترین حربی اور معاون صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ خصوصی نوعیت کی ٹیکنالوجیز کو شامل اور فعال کیا۔ ایئر چیف نے مزید کہا کہ پی اے ایف نے ریکارڈ وقت میں مقامی طور پر تیار کردہ بغیر پائلٹ فضائی نظام، الیکٹرانک وارفیئر، خلائی اور سائبر وسائل کے استعمال سے ایک منفرد مقامی کل چین تیار کی جس کے نتیجے میں مربوط کثیر جہتی آپریشنل صلاحیتیں مضبوط ہوئیں۔ معرکۂ حق کے دوران پاک فضائیہ کے جامع اور متوازن ردعمل کو اُجاگر کرتے ہوئے ایئر چیف نے کہا، جب مئی 2025 کے ابتدائی لمحات میں جارح دشمن نے ایک بار پھر ہماری خودمختاری کو چیلنج کیا تو ہمارا جواب دشمن کی توقعات سے کہیں زیادہ حیران کن تھا۔ اُنہوں نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار پی اے ایف نے مکمل دائرہ کار پر مبنی کثیر جہتی آپریشنز انجام دیئے جو نہایت منظم اور بے نقص طریقے سے مکمل کیے گئے، جس کے نتیجے میں دشمن کو فیصلہ کن شکست ہوئی اور اس کے کئی جدید ترین پلیٹ فارمز، جن میں متعدد رافیل طیارے، ایس یو 30-ایم کے آئی، میراج 2000، مگ 29- اور بغیر پائلٹ فضائی نظام شامل تھے، مار گرائے گئے۔ ایئر چیف نے بتایا کہ پاک فضائیہ نے دشمن کے علاقے کے اندر گہرائی تک جا کر بیسز اور زمینی اثاثوں کو بھی نشانہ بنایا، جبکہ جدید ترین ایس 400- فضائی دفاعی نظام اور ان کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کو بھی ناکارہ بنایا۔ آخر میں سربراہ پاک فضائیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان ایئر فورس اپنے بہادر اور ثابت قدم عوام کی توقعات پر پورا اترے گی اور ہمیشہ اس عظیم قوم کے لیے فخر کی علامت بنے رہے گی۔ پاک فضائیہ نے قوم کے ساتھ ملکر آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ کی ساتویں سالگرہ منائی جو جدید فضائی جنگ میں عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور متوازن ردعمل کی ایک نمایاں مثال ہے۔ اس دن پی اے ایف کے دلیر فضائی جانباز پاکستان کی خودمختاری کے تحفظ اور مادر وطن کے مضبوط و قابل اعتماد فضائی دفاع کو یقینی بنانے کے اپنے غیر متزلزل عزم کی تجدید کرتے ہیں۔ آپریشن سوئفٹ ریٹورٹ قومی اتحاد، پیشہ ورانہ برتری اور قابل اعتماد دفاعی صلاحیت کی علامت ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج اور ثابت قدم قوم کے درمیان ہم آہنگی ملک کے امن، استحکام اور محتاط مگر ذمہ دارانہ دفاعی مؤقف کی ضامن ہے۔

بقیہ 2

دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، مری اور ہری پور کے اضلاع میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کیخلاف ایکشن کی جانے والی کارروائیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ افسران نے چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو اس سلسلہ میں ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مختلف اضلاع سے غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کو واپس بھیجنے کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے اور غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کی زیادہ تر تعداد کو رضا کارانہ طور پر واپسی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی افراد کے مالک مکانوں کیخلاف قانون کے مطابق کارروائیوں کا عمل جاری ہے جبکہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو کاروبار کیلئے جگہیں فراہم کرنے پر ایف آئی آر کا اندراج کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح متعلقہ قوانین کے تحت غیر قانونی طور پر مقیم افراد کیخلاف بھی ایف آئی آر کا اندراج کیا جا رہا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تمام اضلاع سے زیادہ تر غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو واپس بھیجوا دیا گیا ہے اور ملحقہ علاقوں میں غیر قانونی غیر ملکیوں کی نقل و حرکت کو مکمل طور پر روکنے کیلئے سخت اقدامات کئے گئے ہیں۔ چیف کمشنر اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے ہدایت کی کہ غیر قانونی ملکیوں کو کسی قسم کی رہائشی جگہ یا روزگار فراہم نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اضلاع سے اعداد و شمار کو وفاقی وزارت داخلہ کے مرکزی ڈیش بورڈ سے مربوط کیا جائے۔ انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ سخت اقدامات کے ذریعے غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی بستیوں کو ختم کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (پی ٹی اے) کے افسران نے کہا کہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی سمز کو بلاک کرنے کا عمل جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے کہا کہ حکومت پاکستان کا عزم ہے کہ غیر قانونی تارکین وطن کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی کو مؤثر بناتے ہوئے ملک کی سلامتی اور استحکام کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام متعلقہ ادارے ملکر جامع حکمت عملی پر عمل پیرا ہو کر اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔

بقیہ 3

دیا تھا اور سفارشات تیار کرنے کی ہدایت کی تھی کہ 10 روپے کا بینک نوٹ ختم کیا جائے یا نہیں؟۔ ذرائع کے مطابق وزیر خزانہ کی سربراہی میں قائم اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے کرنسی مینجمنٹ رپورٹ کابینہ کو بھجوادی ہے۔ ذرائع کے مطابق 10 روپے کا سکہ متعارف کروانے سے حکومت کو 40 سے 50 ارب روپے کی ممکنہ بچت ہوگی، اسٹیٹ بینک اور سکیورٹی پرنٹنگ کارپوریشن قوانین کے تحت کرنسی مینجمنٹ رپورٹ تیار کی گئی ہے۔ آئی سی ایم اے رپورٹ کے مطابق 10 روپے کے نوٹ کی اوسط عمر صرف 6 سے 9 ماہ ہے جبکہ 10 روپے کے سکے کی اوسط عمر 20 سے 30 سال ہے۔ ملک میں ہر سال چھپنے والے مجموعی نوٹوں کا تقریباً 35 فیصد حصہ 10 روپے کے نوٹ پر مشتمل ہے۔ رپورٹ کے مطابق 10 روپے کا سکہ متعارف کرانے سے 10 سال میں کم از کم 40 سے 50 ارب روپے کی بچت ہوگی، 10 روپے کا نوٹ ختم ہوگا یا نہیں؟ فیصلہ وفاقی کابینہ کرے گی۔

بقیہ 4

وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ عبداللہ نیئر شیخ کو تبدیل کر کے ڈائریکٹر جنرل اسپیشل پلاننگ اتھارٹی تعینات، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ توانائی محمد ساجد بشیر کو او ایس ڈی بنا دیا گیا، ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) ہارٹی کلچر ایجنسی راولپنڈی مسعود احمد کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی تعینات، مس ملیحہ آئسر کی خدمات راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سپرد کر دی گئیں۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) پاکپتن محمد عابد شبیر کو تبدیل کر کے او ایس ڈی بنا دیا گیا اور انہیں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت جبکہ ڈپٹی سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات حافظ محمد عمران کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) پاکپتن تعینات کر دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے ہیں۔

بقیہ 5

ایم ٹی اوز، سی ٹی اوز اور آر ٹی اوز میں معمول کے اوقات کار کے مطابق دفتری سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ ملک بھر کے چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو کو احکامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکس اور ڈیوٹیز کی وصولی کے اہداف کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا

ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ ریونیو جمع کیا جا سکے۔ ایف بی آر کے مطابق چھٹی کے روز بھی عملہ دفاتر میں موجود ہوگا اور ٹیکس دہندگان کو رہنمائی اور سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ ادائیگی کے عمل میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔

بقیہ 6

کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے صبر و تحمل کا آخری حد تک مظاہرہ کیا، ہماری امن پسندی کو کمزوری سمجھنے والوں کی غلط فہمی دور ہوگئی ہے، حملہ آور جتنی تیزی سے آئے تھے پاکستان کی بہادر افواج کے نپے تلے اور موثر جواب پر اس سے زیادہ تیزی سے میدان سے فرار ہوگئے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے افغانستان کی ترقی، امن اور افغان عوام کی خدمت کے لئے تاریخی کردار ادا کیا ہے تاہم پاکستان پر حملہ عالمی قانون اور حکمران افغان انتظامیہ کے اپنے معاہدوں کی کھلی خلاف ورزی تھی۔ معرکہ حق کی طرح ایک بار پھر وطن عزیز کے موثر دفاع اور پیشہ ورانہ عسکری مہارت کے مظاہرے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان کو قوم سلام پیش کرتی ہے۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے عظیم قربانیاں دی ہیں اور آج بھی خطے اور عالمی امن کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہمسایوں سمیت دنیا بھر سے پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے لیکن اپنے دفاع، سلامتی اور عوام کی جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

بقیہ 7

سرحدوں کی حفاظت کیلئے ہمیشہ تیار ہیں، افغان طالبان رجیم بھارت کے فنڈ پر چل رہی ہے، پاکستان کا صرف دہشتگردی کے خاتمے کا مطالبہ ہے۔

بقیہ 8

سے زائد مالیت کی 64.76 کلوگرام منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق چکلالہ گیریژن راولپنڈی کوریئر آفس میں نیوزی لینڈ جانے والے پارسل سے لیدر جیکٹ میں 3.26 کلو آئس برآمد، ڈسٹرکٹ کچہری میں جھاڑیوں میں چھپائی گئی 57 کلو آئس برآمد، رنگ روڈ پشاور پر واقع کوریئر آفس میں پارسل سے جار کے ڈبے میں 2 کلو آئس برآمد، پشاور میں واقع کوریئر آفس میں پارسل سے 1.5 کلو چرس اور 1 کلو ہیروئن برآمد ہوئی۔ کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 9

عامر اقبال نامی نوجوان نے مبینہ طور پر گھر کو آگ لگا دی۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

بقیہ 10

ہی دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ مریم نواز نے کہا کہ خوارج، ان کے ہینڈلرز اور سپورٹرز پہلے بھی ذلیل ہوئے ہیں اب بھی ذلیل ہونگے، سلام ہے پاک فوج کو جنہوں نے پلک جھپکتے ہی دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا، خوارج اور ہینڈلرز کو ہر وار الٹا پڑے گا پاکستان کی مٹی کا ایک ایک ذرا سیسہ پلائی دیوار بن کر لڑے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی جغرافیائی حدود ہماری ریڈ لائنز ہیں جو کراس کرے گا ذلیل و رسوا ہوگا، پوری قوم اور ہماری فوج کا ہر جوان پاکستان کے وقار کا نگہبان ہے، پاکستان کی امن پسندی کو کمزوری سمجھنے والے بڑی بھول میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مٹ جائیں گے مگر اپنی پاک سرزمین کی آبرو پر حرف نہیں آنے دیں گے۔

بقیہ 11

بروقت آگ پر قابو پا لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ عامر اقبال نامی نوجوان نے مبینہ طور پر گھر کو آگ لگا دی۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

بقیہ 12

باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق افغان شہریوں کو ٹرانزٹ کیمپ منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب راولپنڈی میں تھانہ صادق آباد کے علاقے میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے آپریشن کر کے غیر قانونی مقیم 24 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ 13

سروسز کی فعالیت یقینی بنانے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔

بقیہ 14

مریم نواز شریف نے ایگریکلچر انٹرنز کا ماہانہ وظیفہ 70 ہزار روپے کرنے کی بھی منظوری دے دی۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ ''روف ٹاپ ہائیڈروپونک'' پراجیکٹ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ دو مرلہ چھت پر 280 سے 350 پودے لگائے جا سکیں گے۔ پولیتھین شیٹ اور مخصوص سٹرکچر بنا کر گھر کی چھت پر 10 سے زائد قسم کی سبزیاں اگائی جا سکیں گی۔ ''ہائیڈروپونک'' پراجیکٹ کے ذریعے سبزیوں کی 32 گنا تک زائد پیداوار حاصل کی جا سکے گی۔ اجلاس میں ''روف ٹاپ ہائیڈروپونک'' پراجیکٹ کے تحت ہاؤسنگ سوسائٹیوں سے رابطوں کا فیصلہ کیا گیا جس کے لئے لاہور میں 10 پائلٹ پراجیکٹ شروع کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں 10 ہزار ڈیزل ٹیوب کی سولرائزیشن سکیم کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 2028 تک 28 ہزار سپر سیڈرز دینے کا ہدف مقرر کر دیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پوٹھوہار ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت پنجاب میں 400 منی ڈیم مکمل ہوگئے۔ تھل ایریا کی 7 ملین ایکڑ اراضی کو ''ٹرانسفارمیشن آف ایگریکلچران تھل'' ایریا کے تحت قابل کاشت بنایا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سی ایم گرین ٹریکٹر پروگرام فیز فور کی منظوری دے دی۔ گرین ٹریکٹر پروگرام فیز فور میں ہائی ہارس پاور ٹریکٹر پر 15 لاکھ روپے سبسڈی دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کم ہارس پاور ٹریکٹر پر سبسڈی 5 لاکھ سے 7 لاکھ روپے تک کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر پنجاب میں پہلی مرتبہ ''آن فارم رین ہارویسٹنگ'' کے لئے ''گراؤنڈ ری چارج ویل / کنواں'' بنانے کا پراجیکٹ متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ ''گراؤنڈ ری چارج ویل / کنواں'' کے ذریعے بارش کا پانی کنوؤں میں ڈالنے کا سسٹم لگایا جائے گا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ لاہور، گوجرانوالہ اور گجرات میں ایک ہزار ''گراؤنڈ ری چارج ویل / کنواں'' پر 5 لاکھ روپے سبسڈی دی جائے گی۔ ایک ہزار ''آن فارم رین ہارویسٹنگ'' پونڈ پر 70 فیصد سبسڈی دی جائے گی۔ ملتان، ساہیوال، بہاولپور اور سرگودھا ''ماڈل ایگریکلچر مال'' پر 462 ملین روپے کی ریکارڈ سیل کی گئی۔ 50 کلو میٹر تک ''ماڈل ایگریکلچر مال'' سے ہوم ڈیلیوری بھی دی جائے گی۔ ایگریکلچر انٹرن شپ پروگرام کے تحت 15 لاکھ کاشتکاروں سے فرداً فرداً رابطوں کا ریکارڈ قائم ہوا۔ ایگریکلچر انٹرن شپ پروگرام کے تحت 497 طلبہ کو پرائیویٹ جاب ملی جبکہ 102 نے سیلف ایمپلائمنٹ کے تحت اپنا کاروبار شروع کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسان کارڈ سکیم میں مزید کاشتکاروں کو شامل کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسان کارڈ پر 98 فیصد ریکوری پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس میں سی ایم پنجاب ہائی ٹیک میکانائزیشن کے تحت 2028 تک 6500 جدید زرعی مشینری دینے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ 500 ویٹ ہارویسٹر، ایک ہزار رائس ہارویسٹر، ایک ہزار میز اینڈ سائیج ہارویسٹر، 2 ہزار ٹرانسپلانٹر اینڈ بیلر اور دو ہزار ہائی ہارس پاور ٹریکٹر دیئے جائیں گے۔ پنجاب میں 1007 زرعی ٹیوب کی سولرائزیشن مکمل ہو چکی ہے۔ پوٹھوہار ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 4500 ایکڑ بنجر زمین کو قابل کاشت بنایا گیا جبکہ ہزارا ایکڑ پر زیتون کی کاشت بھی مکمل کر لی گئی۔ ٹرانس فارمیشن آف ایگریکلچران تھل ایریا کے تحت دس ہزار ایکڑ پر ڈرپ سپرنکلر اریگیشن سسٹم اور 1500 ٹیوب ویل کی سولرائزیشن کی جائے گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ''ٹرانسفارمیشن آف ایگریکلچران تھل'' ایریا کے تحت ایک ہزار گرام سیونگ اینڈ ہارویسٹنگ مشین بھی سبسڈی پر دی جائیں گی۔ ہیوی انڈسٹری ٹیکسلا سے 50 بلڈوزر کی مرمت کر کے قابل استعمال بنایا جائے گا۔ محکمہ زراعت پنجاب 50 نئے بلڈوزر بھی خریدے گا۔ اجلاس میں ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' کے تحت فی ایکڑ 50 ہزار فنانشل سپورٹ دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ محکمہ زراعت ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' میں لینڈ ڈویلپمنٹ اور آبی ذخائر کیلئے بھی معاونت کرے گا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ 16.5 ملین ایکڑ پر گندم کی کاشت کا ٹارگٹ مکمل کیا گیا جبکہ 22.30 میٹرک ٹن گندم کی پیداوار متوقع ہے۔

بقیہ 15

قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے، دہشتگردوں اور ان کے سہولتکاروں کو ایسا جواب دیا گیا جس کے وہ مستحق تھے، افغان طالبان بے شرمی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، کیا افغان طالبان نے اپنے معاہدے کی پاسداری کی؟، پاکستان میں دہشتگردی کے ہر واقعے میں بھارت ملوث ہے، افغان طالبان رجیم اور دہشتگردوں میں کوئی فرق نہیں، ہمارا موثر جواب مسلح افواج کے مکمل چوکس ہونے کا مظہر ہے، بنیان المرصوص کی طرح گزشتہ رات بھی پوری قوم پاک افواج کیساتھ کھڑی تھی، دنیا سمجھتی ہے پاکستان کا آپریشن غضب للحق عوام کے تحفظ کیلئے ہے، سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، آپریشن غضب للحق مقاصد کی تکمیل تک جاری رہے گا۔ جمعہ کو ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری پریس بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ دشمن کے 115 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں تباہ اور اے پی سیز کی جا چکی ہیں۔ فتنہ الہندوستان، فتنۃ الخوارج کے 22 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ ان ٹارگٹس میں افغان کے کور ہیڈکوارٹرز، بٹالین ہیڈکوارٹرز، دہشتگردوں کی پناہ گاہیں شامل تھیں، افغان فورسز اور خوارج اپنی لاشیں تک چھوڑ کے بھاگے، دہشتگردوں اور ان کے سہولتکاروں کو ایسا جواب دیا گیا جس کے وہ مستحق تھے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن میں اب تک پاکستانی فوج کے 12 سپوت شہید اور 27 زخمی ہوئے۔ قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ 21 اور 22 فروری کی شب پاکستانی افواج نے بارڈر کے قریب فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، افغان طالبان رجیم نے اسے بنیاد بنا کر سوکالڈ ایکشن کیا۔ پاک افغان بارڈر پر 15 سیکٹرز میں 53 مقامات پر فائرنگ کی گئی، تمام 53 مقامات پر حملوں کو پسپا کیا گیا۔ پاکستان نے ایسا بھرپور جواب دیا کہ دنیا نے دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مؤثر جواب مسلح افواج کے مکمل چوکس ہونے کا مظہر ہے، بنیان المرصوص کی طرح گزشتہ رات بھی پوری قوم پاک افواج کیساتھ کھڑی تھی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان اپنے میڈیا اور سوشل میڈیا پر بے شرمی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، افغان طالبان کہہ رہے ہیں کہ وہ دہشتگردی کی صورت میں جواب دیں گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ افواج پاکستان نے پیشہ ورانہ انداز میں صرف عسکری اہداف کو نشانہ بنایا، ایبٹ آباد، نوشہرہ میں ڈرون حملوں کو ناکام بنا دیا گیا، ہمارا گزشتہ روز آپریشن اپنے ملک کے دفاع اور عوام کے تحفظ میں تھا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان رجیم دہشت گردوں کی سرپرستی کر رہی ہے، پاکستان میں اگر کسی جگہ دہشت گردی، خودکش حملہ ہوا تو جواب ناصرف دہشتگردوں بلکہ ان کا تحفظ کرنے والوں کو بھی دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو ٹی ٹی پی، بی ایل اے، داعش، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں یا پاکستان میں سے کسی ایک کو چننا ہے، ہماری چوائس واضح ہے، ہم اپنی چوائس کیلئے قربانی دینے سے بھی نہیں جھجکیں گے، پاکستان کی افواج مشرقی اور مغربی بارڈر پر ہر دم تیار ہیں، کسی کو شوق پورا کرنا ہے تو آزمائے، پاکستان کے مفادات کا تحفظ ہر قیمت پر کیا جا رہا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ افغان طالبان رجیم نے ہی دوحہ معاہدہ کیا تھا، افغان طالبان نے کہا تھا کہ افغان سرزمین دہشت گردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دیں گے، کیا افغان طالبان نے اپنے معاہدے کی پاسداری کی؟۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ رات جو ہم نے آپریشن کیا وہ اپنے حق کے تحفظ کیلئے تھا، تمام سیاسی جماعتیں متفق ہیں کہ پاکستان میں دہشت گردی کو کوئی جگہ نہیں دی جا سکتی، نیشنل ایکشن پلان 2014 میں بنا تھا جسے ہم وژن عزم استحکام کہتے ہیں۔

بقیہ 16

دینے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں اور دشمن کے اس کے ناپاک عزائم سمیت نیست و نابود کرنا جانتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کے خلاف جنگ کی گیدڑ بھبکیاں دینے والے مئی 2025 کو یاد رکھیں۔ پاکستان ایک امن پسند مگر غیرت مند ملک ہے جو اپنے دفاع سے ہرگز غافل نہیں۔ ہم اپنا دفاع کرنا بخوبی جانتے ہیں اور دشمن کو اس کی زبان میں جواب دینا بھی جانتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خوارج، ان کے آباؤ اجداد اور اقربا نے پہلے بھی دھول چاٹی اور اب بھی دھول ہی چاٹیں گے۔ پاک فوج کا جوابی قہر خوارج اور ان کے ہینڈلرز کی نسلوں کو بھی یاد رہے گا۔ دشمن عناصر یہ جان لیں کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ہر حال، ہر وقت اور ہر طرح سے پوری قوم پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے۔ بیانیے کی جنگ ہو یا میدان کی جنگ، فتح پاکستان کو ہی نصیب ہوگی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قومی سلامتی، خودمختاری اور دفاع پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور پاکستان دشمن قوتوں کو ہر محاذ پر شکست کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ 17

گیا۔ پرتگال کے سفیر نے کہا کہ پاکستان میں اپنی سفارتی ذمہ داریوں کے دوران گزارا گیا عرصہ اُن کی زندگی کا ایک یادگار اور نمایاں ترین دور رہا۔ انہوں نے پاکستانی عوام کو نہایت مہمان نواز، باصلاحیت اور باوقار قرار دیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پرتگال کے سفیر کی خدمات کو سراہتے ہوئے پاکستان اور پرتگال کے درمیان دوستانہ تعلقات کے فروغ میں اُن کے کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی وسیع گنجائش موجود ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے پرتگال کے سفیر کو اُن کی نئی ذمہ داریوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور مستقبل میں بھی پاکستان اور پرتگال کے مابین قریبی تعاون کے تسلسل کی امید ظاہر کی۔

بقیہ 18

کے مطابق پاک افغان سرحد پر کھڑے پاک فوج کے جوان مادر وطن کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں، ایک ویڈیو میں بہادر جوان نے پشتو زبان میں افغان طالبان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اب انہیں معلوم ہوگا کہ انہوں نے کس قوت کو چیلنج کیا

ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ چوکی بھی اب ہماری تحویل میں ہے اور اس پر پرچم بھی ہم نے خود لہرایا ہے۔ جوان نے کہا کہ ہم اسی عزم کے ساتھ آگے بڑھیں گے، کابل تک پہنچیں گے اور تمہیں یاد دلائیں گے کہ چار دہائیوں تک ہم نے تمہارا ساتھ دیا اور اب تم ہی ہمارے مقابل آ کھڑے ہوئے ہو۔ ویڈیو پیغام میں کہا گیا کہ اب تمہیں اپنی حقیقت کا اندازہ ہو جائے گا، پاکستان ہمیشہ قائم و دائم رہے گا۔ باجوڑ بارڈر پر کھڑے پاک فوج کے ایک اور جوان نے کہا کہ رات کو افغان سرحد کی جانب سے فائرنگ کی گئی اور یہ حرکت دوبارہ دہرائی گئی، افغان طالبان کو اندازہ نہیں کہ انہوں نے کس قوم کو للکارا ہے، جوابی کارروائی میں ہم نے دہشت گردوں بالخصوص افغان طالبان کے متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا، ہماری قوم کسی سے بھی ڈرنے والی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی بھارت کے کہنے پر ہم سے پنگا لے گا تو اسے یہ پنگا بہت مہنگا پڑے گا، یاد رکھو بھارت نے بھی ہم سے پنگا لے کر دیکھ لیا انہیں بھی منہ کی کھانی پڑی، پاکستان اپنا دفاع کرنا جانتا ہے اور دفاع کرتا رہے گا، پاکستان ہمیشہ زندہ باد۔

بقیہ 19

کے حملوں میں افغان طالبان کے 133 کارندے ہلاک اور 200 سے زائد زخمی ہو گئے جبکہ 27 افغان چوکیاں مکمل تباہ اور 9 افغان پوسٹوں پر قبضہ کر کے پاکستان کا پرچم لہرا دیا گیا۔ پاکستان نے افغانستان کے پکتیا کے علاقے میں 5 افغان پوسٹوں پر قبضہ کر کے پاکستان کا جھنڈا لگا دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق قبضے میں آنے والی پوسٹوں میں 2 شوال کے مقابل جبکہ 2 انگور اڈا کے مقابل اور 1 زرملان کے مقابل ہیں۔ پاک فوج نے مؤثر کارروائی کے دوران انگور اڈا کا افغانی ٹرمینل بھی تباہ کر دیا۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز کے بھرپور جواب میں افغان طالبان فورسز کو بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

بقیہ 20

ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اگر کارگل کی اراضی مختلف لوگوں کے پاس تھی، نیب آزاد ادارہ ہے، اس میں بہتری حکومت نہیں لاتی اس کا اپنا میکنزم ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ نیب نے اپنے میکنزم کے تحت بہتری لائی ہے، نیب کو غیر سیاسی بنایا گیا ہے، اس سے ماضی میں سیاسی انتقام کے لیے استعمال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے دور میں یہ بات کافی پیچھے ہوگئی، نیب کا اصل کام سرکاری پیسے کی ریکوری تھا، اس پر زیادہ توجہ دی گئی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پلی بارگین میں ملزم کہتا ہے کہ چیزیں واپس دیتا ہوں تو اسے سزا نہیں ہوتی لیکن وہ نااہل ہو جاتا ہے، حکومت نیب کو ڈکٹیٹ نہیں کرتی۔

بقیہ 21

عزم ظاہر کیا کہ پوری قوم شہداء کو سلام پیش کرتی ہے اور ارض پاک کی خودمختاری کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے افسران اور جوانوں کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے ان کے عزم، حوصلے، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کو سلام پیش کیا ہے۔ آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ 27 فروری 2019 کو بھارت کی بلااشتعال جارحیت کے جواب میں شروع کیا گیا تھا، جس میں پاکستان کے اس عزم کا عملی اظہار کیا گیا کہ ملکی خودمختاری کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا۔ آپریشن کے دوران مسلح افواج نے اپنی آپریشنل صلاحیت اور تیاری کا بھرپور مظاہرہ کیا اور دشمن کی جانب سے مزید جارحیت کو مؤثر انداز میں روکا اور اسٹریٹیجک توازن بحال کیا۔ فیلڈ مارشل اور سروس چیفس نے اس موقع پر اپنے پیغام میں قومی سلامتی اور علاقائی امن کے عزم کا اعادہ کیا اور اعلان کیا کہ مسلح افواج ہر خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ مسلح افواج ملک کے دفاع کو یقینی بنانے کے لیے ہمہ وقت چوکس ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مسلح افواج عالمی امن و استحکام میں بھی فعال کردار ادا کرتی رہیں گی۔

بقیہ 22

ہیڈ کوارٹر تباہ کیے گئے جس کی ویڈیو سامنے آگئی ہے، ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کابل کے ایک حصے میں آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں۔ ایک اور ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ پکتیا میں پاک فضائیہ کے طیاروں نے افغان طالبان رجیم کے ایک کور ہیڈ کوارٹر کو تباہ کر دیا جو مکمل طور پر آگ کے شعلوں میں گھرا ہوا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق قندھار میں فضائی حملے کے دوران ایک کور ہیڈ کوارٹر اور ایک بریگیڈ ہیڈ کوارٹر کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا گیا جبکہ ایمونیشن ڈپو اور لاجسٹک بیس بھی مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے۔ افغان صوبے ننگرہار میں پاک فضائیہ کے طیاروں نے ایک بڑا ایمونیشن ڈپو تباہ کر دیا۔

بقیہ 23

لوہے کا پائپ اٹھائے ہوئے تھا جو اچانک بجلی کی ننگی تاروں سے چھو گیا، جس کے نتیجے میں اسے شدید کرنٹ لگا اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ متوفی کی شناخت 30 سالہ سیف الملوک کے نام سے ہوئی ہے جو ضلع ننکانہ صاحب کا رہائشی تھا۔ پولیس نے ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا۔

بقیہ 24

نے پاکستان وفد کی قیادت کی۔ تفصیلات کے مطابق پولینڈ کے وزیر داخلہ مارسن کیئرونسکی، ایسٹونیا کے وزیر داخلہ آئیگر تارو، لٹویا کے وزیر داخلہ رچرڈز کوزلووسکیز، فن لینڈ کے سٹیٹ سیکرٹری ہیکی کیمینن اور لتھوانیا کے وزیر داخلہ گنتاراس ایلکسنڈراویچیاس نے اپنے ممالک کی نمائندگی کی۔ 6 وزراء داخلہ نے غیر قانونی امیگریشن اور انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے پاکستان کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ کانفرنس میں غیر قانونی امیگریشن کی حوصلہ شکنی اور قانونی امیگریشن کی حوصلہ افزائی کیلئے مربوط روڈ میپ مرتب کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ تمام ممالک نے پاکستان کیلئے آفیشل سطح پر نوکریاں دینے پر اور غیر قانونی امیگریشن کے تدارک کیلئے مشترکہ اقدامات اور مؤثر کوآرڈینیشن پر اتفاق کیا۔ کانفرنس میں داخلی سکیورٹی، دہشتگردی اور اینٹی نارکوٹکس کے سدباب کیلئے تفصیلی مشاورت کی گئی اور بارڈر سکیورٹی اور انسداد دہشتگردی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر مفصل بات چیت کی گئی۔ محسن نقوی نے موجودہ پاک افغان بارڈر صورتحال پر بھی بریف کیا اور بتایا کہ اس وقت 22 دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں منظم ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت دنیا اور افغانستان میں دہشت گردوں کے درمیان ایک دیوار ہے۔

بقیہ 25

صورت آنچ نہیں آنے دی جائے گی، افواج کسی بھی جارحانہ عزائم کو خاک میں ملانے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان قومی جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں، اعلیٰ تربیت اور موثر دفاعی حکمت عملی سے لیس ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ افواج پاکستان اندرونی و بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا ہے لیکن ملکی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی اور ہر جارحیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے متحد ہے۔

بقیہ 26

شہری 5 مارچ تک اپنی موٹر سائیکلز پر ہر صورت ایم ٹیگ لگوائیں۔ عرفان میمن نے کہا کہ رمضان المبارک کے پیش نظر ایم ٹیگ سینٹرز کے اوقات کار میں بھی تبدیلی کی گئی ہے، مختلف سینٹرز پر 24 گھنٹے، 12 گھنٹے اور 8 گھنٹے کے اوقات کار جاری کیے گئے ہیں۔ عرفان میمن نے کہا کہ اب تک مجموعی طور پر 8 ہزار 928 موٹر سائیکلز پر ایم ٹیگ کی تنصیب مکمل ہو گئی ہے۔ ڈی جی ایکسائز کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 2 ہزار 69 باسکس پر ایم ٹیگ لگائے گئے، اب تک مجموعی طور پر 2 لاکھ 38 ہزار 80 گاڑیوں کو ٹیگ جاری کیے گئے ہیں۔ عرفان میمن نے کہا کہ شہریوں سے التماس ہے کہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلز پر ہر صورت ایم ٹیگ لگوائیں، ایم ٹیگ کے حوالے سے تمام تر ممکنہ وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

بقیہ 27

بیوہ کو 1 لاکھ 25 ہزار روپے (اضافی 25 ہزار روپے کے ساتھ) جبکہ دو یا زائد بچوں کی کفالت کرنے والی خواتین کو 1 لاکھ 50 ہزار روپے (اضافی 50 ہزار روپے کے ساتھ) تک امداد دی جائے گی، بنیادی امدادی رقم 1 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔ حکام کے مطابق رجسٹریشن کا عمل 14 مارچ تک جاری رہے گا، درخواست گزار کا پنجاب کا مستقل رہائشی ہونا اور بیوہ ہونا لازمی شرط ہے، اس کے علاوہ نادرا سے تصدیق شدہ شناختی کارڈ، شوہر کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ اور بچوں کا ب فارم جمع کروانا ہوگا۔ درخواست جمع کروانے کے لیے دو طریق کار متعارف کرائے گئے ہیں، بیوہ خواتین آن لائن پورٹل کے ذریعے یا قریبی رجسٹریشن مراکز سے رابطہ کر کے اپنی درخواست جمع کرا سکتی ہیں۔ حکام کے مطابق تمام درخواستوں کی بائیو میٹرک تصدیق اور دستاویزات کی جانچ پڑتال کے بعد شفاف انداز میں امدادی رقم فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 28

اور غیر ضروری تاخیر پر متعلقہ اداروں کے خلاف انتظامی کارروائی کا عندیہ بھی دیا ہے۔ چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر نیاز احمد اختر کی جانب سے جاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ پرو وائس چانسلر، رجسٹرار، ڈین، کنٹرولر امتحانات اور اساتذہ کی بڑی تعداد میں آسامیاں طویل عرصے سے خالی پڑی ہیں، جس کے باعث تعلیمی و انتظامی امور متاثر ہو رہے ہیں۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے وائس چانسلرز کو فوری طور پر خالی عہدوں پر تقرریوں کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ مراسلے کے مطابق ایڈہاک اور عارضی تقرریوں کے باعث جامعات میں فیصلہ سازی، تعلیمی منصوبہ بندی، تحقیق اور طلبہ کی معاونت کا نظام کمزور پڑ رہا ہے۔ ایچ ای سی نے واضح کیا ہے کہ میرٹ پر شفاف بھرتیوں کا عمل ہر صورت 15 اگست 2026 تک مکمل کیا جائے۔ چیئرمین ایچ ای سی نے تمام پبلک اور پرائیویٹ یونیورسٹیوں کے ریکٹرز، وائس چانسلرز اور پرو وائس چانسلرز کو خطوط ارسال کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ سلیکشن بورڈز باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں اور بھرتیوں میں کسی قسم کی سستی یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ کمیشن نے جامعات کی اعلیٰ انتظامی معیار، میرٹ پر مبنی گورننس اور ادارہ جاتی جواب دہی یقینی بنانے کا بھی حکم دیا ہے۔ مراسلے میں خبردار کیا گیا ہے کہ تقرریوں میں غیر ضروری تاخیر پر متعلقہ اداروں کے خلاف انتظامی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

بقیہ 29

دور دراز کے علاقے بھی صفائی ستھرائی کا شاندار منظر پیش کرتے ہوئے نظر آ رہے ہیں ستھرا پنجاب کی ٹیمیں ان علاقوں میں بھی صفائی آپریشن کر رہی ہیں جہاں کبھی کسی نے سوچا بھی نہیں ہوگا جبکہ شہریوں کی شکایات پر فوری ایکشن لیا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ دیہاتوں قصبوں محلوں اور بستیوں میں صفائی کا نظام بہتر سے بہتر بنانے پر ہم سی ای او شاہ ولی خان مانیٹرنگ آفیسر احمد سعید چیمہ اسسٹنٹ مانیٹرنگ آفیسر ملک جنید کھوکھر اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ تحصیل ساہیوال میں ستھرا پنجاب کی ٹیم کی کارکردگی کو متعدد مواقع پر حکومتی افسران اور اعلیٰ سرکاری شخصیات کی جانب سے بھی سراہا جا چکا ہے اور عوامی سطح پر بھی لوگوں نے ستھرا پنجاب کی ٹیم کی کارکردگی کو خوب سراہا ہے جبکہ دورروز قبل کمشنر سرگودھا ڈویژن نے بھی ستھرا پنجاب تحصیل ساہیوال کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے

بقیہ 30

انتظامیہ ذرائع کے مطابق سرحدی صورتحال کشیدہ ہونے کے بعد نقل و حرکت روک دی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ افغان فورسز کی فائرنگ کے باعث طورخم سرحدی گزرگاہ ٹرمینل میں کھڑی افغان پناہ گزینوں کی درجنوں گاڑیوں کو گزشتہ رات حفاظتی اقدام کے طور پر لنڈی کوتل منتقل کر دیا گیا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔ طورخم بارڈر کے راستے روزانہ سینکڑوں افغان خاندان اپنے وطن واپس جاتے ہیں، تاہم موجودہ کشیدگی کے باعث یہ عمل وقتی طور پر روک دیا گیا ہے۔ ادھر یو این ایچ سی آر پاکستان کے ترجمان قیصر خان آفریدی کے مطابق گزشتہ ڈھائی سال کے دوران پاکستان میں مقیم 20 لاکھ سے زائد افغان شہری رضا کارانہ طور پر اپنے ملک واپس جا چکے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے اور حالات بہتر ہوتے ہی واپسی کا عمل دوبارہ شروع کیا جائے گا۔

بقیہ 31

پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 32

پختونخوا میں حالات سنگین رخ اختیار کر چکے ہیں۔ تمام سیاسی قوتیں اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی سلامتی پر یکجا ہوں، مؤثر حکمت عملی اختیار کریں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح بنائیں۔

بقیہ 33

رہا ہے، چین تنازع میں شدت آنے پر گہری تشویش رکھتا ہے، اس تصادم میں ہونے والی جانی ہلاکتوں پر دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے، چین ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف کارروائی کی حمایت کرتا ہے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ چین دونوں فریقوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں، اپنے اختلافات اور تنازعات کو مذاکرات اور مشاورت کے ذریعے حل کریں، چین اپنے ذرائع سے پاکستان اور افغانستان کے درمیان ثالثی کی کوششیں کر رہا ہے۔ دونوں ممالک کے تعلقات بہتر بنانے کے لیے آئندہ بھی تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 34

نئی قیمت 263 روپے 30 پیسے فی لیٹر ہو سکتی ہے۔ اسی طرح ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 6 روپے 80 پیسے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے، جس کے بعد اس کی نئی قیمت 282 روپے 50 پیسے فی لیٹر تک پہنچ سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث مقامی سطح پر بھی نرخ بڑھنے کا امکان ہے۔ عرب لائٹ کروڈ کی قیمت میں 2.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ درآمدی سپریڈز میں معمولی اضافے نے بھی مجموعی قیمتوں پر اثر ڈالا۔ گزشتہ پندرہ روزہ جائزے میں وفاقی حکومت نے ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت بڑھا کر 275 روپے 70 پیسے فی لیٹر اور پیٹرول کی قیمت 258 روپے 17 پیسے فی لیٹر مقرر کی تھی۔

بقیہ 35

گئی۔ ترامیم کی تجاویز منظوری کیلئے پنجاب کابینہ کو بھجوائی جائیں گی کابینہ کی منظوری کے بعد پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پیش کی جائیں گی یہ ترامیم ادارے کے انتظامی معاملات، ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ہیں۔ بورڈ نے ادارے کی ورکنگ کیلئے 3 نئی گاڑیوں کی خریداری اور مونوٹائزیشن کے عمل کی اصولی منظوری دی تاہم گاڑیوں کی خریداری فنانس ڈیپارٹمنٹ کی مشاورت اور منظوری سے عمل میں لائی جائے گی۔ بورڈ نے عوام کی آگاہی کیلئے اتھارٹی کے اپنے فنڈز سے ورکشاپس، تربیتی پروگرام، سیمینارز کے انعقاد اور تھرڈ پارٹی ایویلوایشن کیلئے ادائیگی کی منظوری بھی دی۔ اجلاس میں بورڈ کے گزشتہ اجلاس کے منٹس کی توثیق کی گئی جبکہ ادارے کی مختلف کمیٹیوں کی رپورٹس اور فنی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کے حوالے سے پراگریس رپورٹ بھی پیش کی گئیں اور بعض ایجنڈا آئٹمز مؤخر کر دیئے گئے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی بار بنایا گیا جاب پورٹل پوری طرح فعال ہے اور اس جاب پورٹل کو انڈسٹری، نیوٹیک و دیگر متعلقہ اداروں سے منسلک کیا گیا ہے۔ یہ پورٹل انڈسٹری کو ضرورت کے مطابق ہنرمند افرادی قوت اور نوجوانوں کو روزگار کے حصول میں معاون ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کے ادارے آن لائن رجسٹریشن حاصل کر سکتے ہیں فنی تعلیم کے اداروں کو رجسٹریشن کے آن لائن سسٹم کے ذریعے گھر کی دہلیز پر رجسٹریشن کی سہولت دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صنعتی ترقی کیلئے معیاری فنی تعلیم کا فروغ اور انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق ہنرمند افرادی قوت کی تیاری ناگزیر ہے۔

بقیہ 36

جنرل بس اسٹینڈ سے ٹرانسپورٹر پرویز بٹ کی نجی کارگو سروس کے ذریعے بھجوائی جو کہ تاج کو موصول نہ ہوئی اور رابطہ پر بس کے کنڈیکٹر نے بتایا کہ ژوب کے مقام پر حادثہ ہوا اور گاڑی پولیس کی تحویل میں ہے اور تمام سامان محفوظ ہے۔ جس کے بعد ٹرانسپورٹ کمپنی کا مالک اور ملازمین لعت و لعل سے کام لیتے رہے، جس پر جنرل بس اسٹینڈ کی یونین کے عہدیداران نے مداخلت کر کے سامان کی واپسی کا یقین دلایا اور 16 فروری کو سامان دینے کا وعدہ کیا، جب مقررہ وقت پر پہنچے تو کمپنی مالک پرویز بٹ اور اس کے ملازمین سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے لگے اور کہا کہ اگر سامان واپس مانگا تو اس کے نتائج اچھے نہ ہونگے۔ پولیس تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن نے صراف کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف خرد برد کی دفعہ 407 پ مقدمہ درج کر لیا اور ملزمان کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 37

ہے، قومی سلامتی کو للکارنے والوں کو منہ کی کھانا پڑے گی۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی قابل فخر ہے، پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پاکستان کا دفاع مضبوط اور ناقابل تسخیر ہاتھوں میں ہے۔

بقیہ 38

افغان طالبان کی جارحیت ناقابل برداشت ہے، افغان طالبان کو سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہے۔ محسن نقوی نے افغان طالبان کی جانب سے شہری آبادی کو نشانہ بنانے کی مذمت کی۔

بقیہ 39

میں سکیورٹی پہلے ہی ہائی الرٹ تھی تاہم پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد پر حالیہ کشیدگی کے بعد اسے مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ لاہور سمیت صوبہ بھر میں حساس اور پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ہے، قانون نافذ کرنے والے اہم اداروں کی عمارتوں کے بالکل سامنے سے گزرنے والی شاہراہوں کو بھی عام ٹریفک کے لئے بند رکھا گیا ہے جبکہ عمارت کے اندر آنے والوں کی جامع تلاشی اور مکمل ریکارڈ مرتب کیا جا رہا ہے۔ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اطراف میں مانیٹرنگ کا عمل بھی بڑھا دیا گیا ہے، دوسری جانب اہم سرکاری عمارتوں کی سکیورٹی بھی بڑھا دی گئی ہے۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لئے شہر کے داخلی اور خارجی راستوں کی سکیورٹی بھی بڑھا دی گئی ہے اور مشکوک گاڑیوں کی جامع تلاشی لینے کے ساتھ ان کا ریکارڈ بھی مرتب کیا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں رمضان المبارک کے دوسرا جمعہ پولیس کے کڑے پہرے میں ادا کیا گیا۔ بڑی اور حساس مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر تین درجاتی سکیورٹی کا انتظام کیا گیا جبکہ چھتوں پر سنائپرز تعینات رکھے گئے۔ مساجد اور امام بارگاہوں کے اطراف میں پارکنگ ممنوعہ قرار دی گئی، نمازیوں کو کئی مقامات پر جامع تلاشی کے بعد اندر داخلے کی اجازت دی گئی، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے پولیس افسران پیٹرولنگ کرتے رہے۔ دوسری جانب مساجد اور امام بارگاہوں کی اپنی سکیورٹی بھی تعینات رہی۔

بقیہ 40

پی آپریشنز کینٹ لاہور تعینات، اسامہ آمین چیمہ ایس پی ڈولفن سکواڈ لاہور تعینات، بشرا جمیل اے آئی جی کمپلینٹس سینٹرل پولیس آفس تعینات، انعم فریال ایس پی پولیس ٹریننگ سکول فاروق آباد تعینات اور بختار احمد ایس پی سپیشل برانچ بہاولپور خالی سیٹ پر تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 41

تعمیراتی کاموں کے ساتھ ساتھ سکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا دورے کے موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران، انجینئرز اور سکیورٹی اہلکار بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کام کے رفتار اور حفاظتی اقدامات کا معائنہ کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے انہوں نے سکیورٹی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت جاری کی کہ پل اور اطراف میں سکیورٹی کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ کمپنی میں کام کرنے والے افراد کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ میگا پراجیکٹ سندھ حکومت کی اولین ترجیح ہے سندھ حکومت کی جانب سے کام کی باقاعدہ نگرانی جاری رکھی جا رہی ہے اور پیش رفت سے مسلسل آگاہ رکھا جائے، تاکہ یہ اہم عوامی منصوبہ بروقت اور معیاری انداز میں مکمل ہو سکے۔

بقیہ 42

مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ایس پی سکیورٹی/آپریشنز بلاک کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا، ایس پی آپریشنز سلمان ظفر اور دیگر پولیس افسران موجود تھے۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ نئے سکیورٹی ونگ کے قیام سے حساس تنصیبات، اہم مقامات اور خصوصی تقریبات کی سکیورٹی مزید مؤثر ہوگی۔ سکیورٹی امور کی بہتر مانیٹرنگ، مربوط حکمت عملی اور فوری رسپانس ممکن ہوگا جبکہ سکیورٹی آپریشنز میں ہم آہنگی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہے۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ایس پی پرزنرز اسلام آباد علی اکبر اور ایس ایس پی SWAT فورس کلیم اللہ خٹک کے ساتھ ملاقات کی، انہوں نے ایس ایس پی پرزنرز سے اسلام آباد ماڈل جیل کے تعمیراتی کام کے حوالے سے بریفنگ لی اور انہیں تعمیراتی کام کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ہدایات جاری کیں۔ مزید برآں آئی جی اسلام آباد نے SWAT فورس کی ورکنگ کو موثر بنانے اور اسلام آباد کو مزید محفوظ کرنے کے حوالے سے بھی احکامات جاری کئے۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے نماز تراویح کے دوران مختلف مساجد و امام بارگاہوں کے سکیورٹی انتظامات کا از خود جائزہ لیتے ہوئے ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران سے فرداً فرداً ملاقات کی۔ انہوں نے تمام افسران کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں مزید مستعدی اور ذمہ داری کے احساس کے ساتھ فرائض منصبی کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 43

جواب دیں گے، پوری قوم اپنے مسلح افواج کی پشت پر سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی پاکستان کے دفاع کیلئے اپنی فوج کیساتھ ہے۔ جنرل سیکرٹری پی پی وسطی پنجاب سید حسن مرتضیٰ نے کہا کہ پاک فوج نے بروقت جواب دے کر افغان طالبان کے دانت کھٹے کر دیئے ہیں، رات کی تاریکی میں حملہ کرنے والے افغان بھگوڑوں کو دوبارہ حملے کی جرات نہیں ہوگی، بھارتی فنڈز پر پلنے والی افغان فوج گیدڑوں کی طرح دم دبا کر بھاگی۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج دھوکے باز دشمن کو اس کے گھر میں جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، بھارتی پراکسی کو اندازہ ہی نہیں تھا کہ اس کا کیا حشر ہوگا، وفاق اور صوبے اپنے مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، دشمن کے آلہ کار بننے والوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دینگے۔ سیکرٹری اطلاعات وسطی پنجاب شہزاد سعید چیمہ نے کہا کہ افغان جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آپریشن غضب الحق میں بھارتی پراکسی کی ساری غلط فہمی دور ہوگئی، بزدل دشمن نے رات کی تاریکی میں حملہ کر کے ہزیمت اٹھائی، ہماری امن کی خواہش کو کمزوری سمجھنا دشمن کو مہنگا پڑے گا، افغان طالبان کو اس جارحیت کی بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ شہزاد سعید چیمہ نے کہا کہ افغانستان کو ماضی کی پسپائیوں سے سبق سیکھنا چاہیے، طالبان رجیم کو جھوٹ کے پیچھے چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، پوری قوم اپنی پاک فوج کی پشت پر کھڑی ہے۔

بقیہ 44

لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ شالیمار، تھانہ گولڑہ، تھانہ سمبل، تھانہ سنگجانی، انڈسٹریل ایریا، تھانہ ہمک، تھانہ بہارہ کہو اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے 17 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 421 گرام آئس، 145 گرام ہیروئن، 110 گرام چرس، 210 بوتلیں شراب اور مختلف بور کے 10 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 24 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن ''پکار-15'' پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 45

مختلف مساجد کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، انہوں نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران سے ملاقات کی، ڈیوٹی پوائنٹس پر فرائض منصبی کی ادائیگی پر مامور افسران اور جوانوں کو بہترین فرائض کی انجام دہی پر شاباش دی، اس موقع پر ان کے ہمراہ دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس نے رمضان المبارک کی سکیورٹی کے حوالے سے ضلع بھر کی مساجد اور امام بارگاہوں پر سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کئے ہیں، اسلام آباد پولیس کے افسران ہمہ وقت شہریوں کی جان مال کی حفاظت کے لئے مصروف عمل ہیں، وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کو یقینی بنانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 46

وقت مخالف اقدامات کرتا ہے، افغان رجیم فوری جنگ بندی کرے، بین الاقوامی برادری اس کا نوٹس لے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کل پاکستان نے افغان رجیم کی کارروائی کا جواب دیا ہے، اس پر آج سینیٹ میں ایک قرارداد پیش کر رہے ہیں۔

بقیہ 47

پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدہ تعلقات کا باقاعدہ جنگ کی طرف بڑھنا انتہائی تشویش ناک ہے۔ 2 ہمسایہ اسلامی ممالک کے درمیان ایسی صورتحال دونوں اطراف کے عوام کے لیے تکلیف دہ ہے۔ پاکستان کی سلامتی اور دفاع 25 کروڑ پاکستانیوں کی ترجیح اول ہے۔ پاک، افغان کشیدگی ایک ایسے وقت شدت اختیار کر رہی ہے جب تل ابیب میں بھارت اور اسرائیل کے درمیان قربت بڑھ رہی ہے، جو عالم اسلام کے لیے خطرناک ہو سکتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ افغان قیادت کو سمجھنا ہوگا کہ بھارت ان کا دوست نہیں ہو سکتا اور پاکستان و افغانستان کے درمیان کشیدگی کسی کے مفاد میں نہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ امریکا ایران کے خلاف کارروائی کے لیے جواز تلاش کر رہا ہے اور غزہ میں ہونے والے واقعات سے توجہ ہٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے افغان قیادت پر زور دیا کہ وہ ایسا کوئی راستہ اختیار نہ کرے، جس سے وہ عالم اسلام سے الگ تھلگ ہو جائیں اور مخالف قوتوں کو فائدہ پہنچے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ضروری ہے کہ عالم اسلام کے جید علما آگے آئیں اور پاکستان و افغانستان کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کریں۔ انہوں نے چین، ترکی، قطر اور سعودی عرب سے بھی اپیل کی کہ وہ ماضی کی طرح دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو معمول پر لانے کی کوششیں جاری رکھیں اور اس موقع پر دوبارہ فعال کردار ادا کریں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پاک سعودی عرب دفاعی تعاون بعض قوتوں کیلئے ناقابل قبول ہے اور عالم اسلام کے اتحاد کو ہر کوشش کو سبوتاژ کرنا مخصوص ایجنڈے کا حصہ ہے۔

بقیہ 48

نے کہا کہ سلام ہے ان غازیوں کو جنہوں نے اپنی بہادری اور عزم سے وطن کی سرحدوں کو ناقابل عبور بنا دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی سرحدیں آہنی دیوار کی مانند ہیں اور ہر فتنہ پاش پاش ہوگا۔ سپیکر نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور اس کے سرپرستوں کو اسی زبان میں جواب دیا جائے گا جو وہ سمجھتے ہیں۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ پاکستان ناقابل تسخیر تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملکی دفاع، استحکام اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ''پاکستان زندہ باد، تا قیامت پاکستان پائندہ باد'' رہے گا۔ انشاء اللہ

بقیہ 49

تحقیقات پر کالر کے ساتھ ڈکیتی کا کوئی وقوعہ سرزد ہونا نہ پایا گیا، کالر کا جان بوجھ کر ایمرجنسی ہیلپ لائن پر جھوٹی و بوگس کال کرنا پایا گیا، کینٹ پولیس نے بوگس کال کرنے والے شخص پر مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ 15 شہریوں کے لیے ایمرجنسی کی صورت میں ایک سہولت ہے، اس کا غلط استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 50

شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرمہ کو قرار واقعی سزا سنائی۔ مجرمہ کو قرار واقعی سزا ملنے پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 51

ہیں، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب فیلڈ میں موجود رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا، تمام مساجد، امام بارگاہوں پر پولیس نفری کو تعینات کیا گیا، فیلڈ افسران مساجد و امام بارگاہوں پر تعینات جوانوں کو چیک اور بریف کرتے رہے، مساجد، امام بارگاہوں میں واک تھرو گیٹ سے گزرنے اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی گئی، ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس اور تھانوں کی موبائلز نے اپنے اپنے ایریا میں گشت کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 52

کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 53

ہوگی، کسی پارک کو بھی کمرشل ایکٹیویٹی کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا، کسی بھی کمرشل سرگرمی کے لیئے پارک کا زیادہ سے زیادہ تین فیصد حصہ استعمال کیا جا سکے گا، درختوں کی منتقلی کے حوالے سے کمیٹی میں محکمہ جنگلات، ای پی اے، سرکاری تعلیمی اداروں کے لوگ شامل ہوں گے، درختوں کی منتقلی کے حوالے سے پہلے ٹیکنیکل کمیٹی سے اجازت لینا لازمی ہوگی۔ عدالت نے نیا مسودہ بنانے کے حکومتی اقدام کو سراہا۔ عدالت نے مسودہ منظوری کے لئے کابینہ کو بھجوانے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ درختوں کی کٹائی کی تو بالکل اجازت نہیں ہوگی، یہ ڈرافٹ بہت اچھا ہے۔ وکیل پی ایچ اے نے کہا کہ یہ ڈرافٹ پی ایچ اے ایکٹ کے تحت ہی بنایا جا سکتا ہے، اگر ہمارے ایکٹ سے یہ ڈرافٹ تجاوز کرے تو کل کو چیلنج بھی ہو سکتا ہے۔ عدالت نے کہا کہ دیکھ بھال کے لئے پی ایچ اے نے کوئی پارکس کسی کے حوالے بھی کیے ہیں ابھی؟۔ وکیل پی ایچ اے نے کہا کہ اس حوالہ سے کام شروع ہو چکا ہے۔ عدالت نے کہا کہ اگلی سماعت پر آپ ان لوگوں کے نام دیں گے کہ کن لوگوں کو پارک دیئے جا رہے ہیں۔ عدالتی معاون رضا دادا نے کہا کہ پی ایچ اے کا بجٹ پانچ ارب روپے ہے اور حکومت انہیں تین ارب دے رہی ہے، اسی لئے یہ اشتہارات اور بل بورڈز لگا کر گرین سپیسز کو متاثر کرتے ہیں اور آمدنی بناتے ہیں۔ عدالت نے پی ایچ اے کو ہدایت کی کہ میں نے آپ کو پہلے بھی کہا تھا کہ آمدنی کے بہتر راستے ڈھونڈیں اور اس کے لئے کنسلٹنٹس کی مدد لیں۔ سماعت کے دوران پنجاب یونیورسٹی میں درختوں کی کٹائی کے معاملے کی بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 54

42 روز کے دوران شہر بھر سے 377 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد میں 153 مرد، 207 خواتین اور 17 خواجہ سرا شامل ہیں، پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائی کے لئے سپیشل سکواڈ تشکیل دیئے گئے ہیں، مصروف سڑکوں اور شاہراہوں پر گداگری کی روک تھام کے لیے کڑی نگرانی کی جا رہی ہے، پیشہ ور گداگر مصروف شاہراہوں پر ٹریفک میں رکاوٹ اور شہریوں کے لئے زحمت کا باعث بنتے ہیں، پیشہ ور گداگروں میں سے بیشتر چوری، منشیات فروشی اور دیگر جرائم میں بھی ملوث ہوتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہر بھر میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 55

حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 56

سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونے سے مجرموں کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ دیگر شہروں میں سی سی ڈی کے خوف سے بڑے بڑے جرائم پیشہ عناصر قانون کے شکنجے میں آتے ہیں، مقابلے ہوتے ہیں اور سخت کارروائیاں دیکھنے میں آتی ہیں، مگر گوجرخان میں صورتحال اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے۔ شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ سی سی ڈی کی عدم فعالیت کے باعث متاثرین کو دباؤ میں لا کر نام نہاد سفید پوشوں کی جانب سے صلح صفائی یا بھاری رقوم کے عوض معاملات نمٹانے کی کوششیں کی جاتی ہیں، جس سے انصاف کا نظام کمزور اور جرائم پیشہ عناصر مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو سرکل گوجرخان میں سی سی ڈی کا وہ رعب اور خوف، جو جرائم کی بیخ کنی میں مؤثر ثابت ہوتا ہے، مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور سربراہ سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل گوجرخان میں فوری طور پر سی سی ڈی کو متحرک کیا جائے اور زیادتی جیسے حساس اور سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہمارے بچے اور خواتین عدم تحفظ کا شکار ہیں اور آئے روز بڑھتے واقعات لمحہ فکریہ بن چکے ہیں۔

بقیہ 57

ہے اور روزانہ کی بنیاد پر سرچ آپریشن کیے جا رہے ہیں، رواں سال اب تک کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 606 مقدمات درج کر کے 675 افراد کو حراست میں لیا جا چکا ہے، شہری امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لئے کرایہ داروں کا اندراج لازمی کروائیں، شہری کرایہ داروں اور ملازمین کی متعلقہ تھانہ یا پولیس خدمت مرکز یا پنجاب پولیس موبائل ایپ سے فوری رجسٹریشن کروائیں، شہری کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کی اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن میں دیں آپ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا، کرایہ داروں کی رجسٹریشن نہ کروانا قابل سزا جرم ہے۔

ملکی دفاع، استحکام اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

آپریشن ''غضب للحق'' کی کامیابی پر سپیکر ملک احمد خاں کا پاک فوج کو زبردست خراجِ تحسین

پاک فوج نے بلاجواز جارحیت کا بھرپور اور فوری جواب دے کر پیشہ ورانہ مہارت اور جرآت کا عملی مظاہرہ کیا

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے بلاجواز جارحیت کے خلاف پاک فوج کی مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیوں پر مسلح افواج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن ''غضب للحق'' کی کامیابی پوری قوم کے جذبات کی ترجمانی ہے اور اس نے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان اپنی سلامتی اور خودمختاری کے دفاع کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاک فوج نے بلاجواز جارحیت کا بھرپور اور فوری جواب دے کر پیشہ ورانہ مہارت اور جرآت کا عملی مظاہرہ کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں (بقیہ نمبر 48)

سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ، دربار حضرت بابا بلھے شاہ ترقیاتی سکیم کے جائزے کے موقع پر متعلقہ حکام کو ہدایات دے رہے ہیں

ستھرا پنجاب تحصیل ساہیوال کی کارکردگی قابل تحسین ہے

ستھرا پنجاب کی ٹیمیں ان علاقوں میں بھی صفائی آپریشن کر رہی ہیں جہاں کبھی کسی نے سوچا بھی نہیں ہوگا

ستھرا پنجاب کی ٹیموں نے دن رات کام کر کے شہریوں کے دل جیت لیے ہیں، سیاسی سماجی رہنما ملک مظہر فرید چوہدری

سرگودہا (طارق قاسمی سے) ستھرا پنجاب تحصیل ساہیوال کی کارکردگی قابل تحسین ہے ستھرا پنجاب کی ٹیموں نے دن رات کام کر کے شہریوں کے دل جیت لیے ہیں تفصیلات کے مطابق تحصیل ساہیوال سرگودھا کے سیاسی سماجی راہنما ملک مظہر فرید چوہدری اقبال آصف چوہدری محمد اختر مہر حاجی اللہ دتہ نظام دین مکین و دیگر نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت تحصیل ساہیوال میں ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی آپریشن کامیابی کے ساتھ جاری ہے اور نہ صرف ساہیوال شہر بلکہ تحصیل کے (بقیہ نمبر 29)

لاہور صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ انشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 110ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کینٹ پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، متن مقدمہ کے مطابق زیرحراست شخص نے 15 پر کال کی کہ اس کے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہوئی ہے اور اس سے ایک لاکھ روپے چھین لیے گئے ہیں، کینٹ پولیس فوری موقعہ پر پہنچی، (بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان کا گھوٹکی پل کا دورہ

تعمیراتی کام مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر کشمور آغا شیر زمان

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان ونگ کمانڈر کرنل طلال احمد کا کندھ کوٹ اور گھوٹکی پل کا دورہ، جاری کاموں اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ کندھ کوٹ: ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان نے کندھ کوٹ اور گھوٹکی کے درمیان اہم رابطہ پل کندھ کوٹ۔گھوٹکی کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری (بقیہ نمبر 41)

بھائی کو تشدد کر کے زخمی کرنے والے شخص بیٹے سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے جائیداد کے تنازعہ پر اپنے بھائی کو تشدد کر کے زخمی کرنے والے شخص کو بیٹے سمیت گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند یوم قبل جائیداد کے تنازعہ پر اپنے بھائی کو تشدد کر کے زخمی کرنے والے شخص کو اپنے بیٹے سمیت گرفتار کرلیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق زیرحراست افراد نے جائیداد کے تنازعہ پر گھر میں داخل ہو کر میرے شوہر پر تشدد کیا، گنجمنڈی پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس (بقیہ نمبر 31)

طورخم سے افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل معطل

سرحدی صورتحال کشیدہ ہونے کے بعد نقل و حرکت روک دی گئی ہے

پشاور (آئی آئی پی) پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ کشیدگی کے باعث ضلع خیبر میں طورخم سرحدی گزرگاہ سے افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل معطل کردیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پاک افغان سرحدی مقامات پر کشیدگی کے باعث طورخم سرحد کے ذریعے افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل عارضی طور پر معطل کر دیا گیا ہے، ضلعی (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی، نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت انتظامات

ایس ایس پی آپریشنز فیلڈ میں موجود رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کرتے رہے

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب فیلڈ میں موجود رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کرتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے (بقیہ نمبر 51)

آئی جی اسلام آباد کا ایس ایس پی آپریشنز بلاک کا افتتاح

سیکورٹی آپریشنز میں ہم آہنگی، پیشہ ورانہ صلاحیت میں نمایاں بہتری آئے گی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ایس پی سیکورٹی/آپریشنز بلاک کا افتتاح کر دیا، نئے سیکورٹی ونگ کے قیام سے حساس تنصیبات، اہم مقامات اور خصوصی تقریبات کی سیکورٹی مزید مؤثر ہوگی، سیکورٹی اُمور کی بہتر مانیٹرنگ، مربوط حکمت عملی اور فوری رسپانس ممکن ہوگا، جبکہ سیکورٹی آپریشنز میں ہم آہنگی، پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 42)

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں سنٹر پر فیکٹی ایلسی لینس کے افتتاح کے بعد دعا کر رہے ہیں، وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور بھی ہمراہ ہیں

لیڈی منشیات سپلائر کو 10 سال قید و جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث لیڈی منشیات سپلائر فرح بلال کو 10 سال قید اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے لیڈی منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرمہ فرح بلال کو 10 سال قید اور 1 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرمہ سے 1 کلو 900 گرام ہیروئن برآمد ہونے پر تھانہ کینٹ پولیس نے اپریل 2025 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس (بقیہ نمبر 50)

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر سپورٹس بورڈ پنجاب اور ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے درمیان ایم او یو پر دستخط کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاک افغان کشیدگی؛ روس نے ثالثی کی پیش کش کردی

ماسکو (آئی آئی پی) پاک افغان کشیدگی پر روس نے ثالثی کی پیش کش کردی، خبرایجنسی کے مطابق روسی وزارت خارجہ نے کشیدگی میں کمی لانے کی اپیل کی ہے۔ روسی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ دونوں ممالک چاہیں تو ثالثی کیلئے کردار ادا کر سکتے ہیں، اختلافات سفارتی ذرائع سے حل کیے جائیں۔

ایس پی راول سعد ارشد پولیس لائنز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول سعد ارشد نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی راول سعد ارشد نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی راول نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس پی راول سعد ارشد نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک (بقیہ نمبر 52)

خیبر پختونخوا میں حالات سنگین رخ اختیار کر چکے ہیں، سراج الحق

تمام سیاسی قوتیں اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی سلامتی پر یکجا ہوں

لاہور (آئی آئی پی) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں تشدد کے واقعات کے نتیجے میں کم از کم 58 قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور تشویشناک ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا بالخصوص خیبر (بقیہ نمبر 32)

چین کا پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی پر شدید تشویش کا اظہار

بیجنگ (آئی آئی پی) پاک افغان کشیدگی پر ترجمان چینی وزارت خارجہ نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور افغانستان قریبی ہمسایہ ممالک ہیں اور دونوں چین کے بھی پڑوسی ہیں، چین تنازع میں شدت آنے پر گہری تشویش رکھتا ہے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ کے مطابق چین موجودہ صورتحال میں ہونے والی پیش رفت کو بغور دیکھ (بقیہ نمبر 33)

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

قیمتوں میں اضافہ 6 روپے 80 پیسے فی لیٹر تک ہو سکتا ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) یکم مارچ 2026 سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان ہے، جس کی حتمی منظوری حکومت دے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قیمتوں میں اضافہ 6 روپے 80 پیسے فی لیٹر تک ہو سکتا ہے۔ تجاویز کے مطابق موٹر سپرٹ (پیٹرول) کی قیمت میں 5 روپے 13 پیسے فی لیٹر اضافہ متوقع ہے، جس کے بعد (بقیہ نمبر 34)

ماحولیاتی تحفظ کیلئے صرف فیصلہ ہی نہیں عملدرآمد بھی چاہتے ہیں، لاہور ہائیکورٹ

تمام ترقیاتی منصوبوں کیلئے درختوں کی کٹائی کرنے سے روک دیا گیا، شیرانوالہ گیٹ، ٹیکسالی گیٹ پراجیکٹس پر جاری حکم امتناعی میں توسیع

درختوں کی کٹائی سے متعلق پی ایچ اے کے بنائے رولز کا مسودہ کابینہ کو بھجوانے کی ہدایت، جامعہ پنجاب حکام کی ضمانت منسوخی کیلئے رجوع کرنے کا حکم

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران مال روڈ پر واقع مسجد شہداء میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس میں تمام ترقیاتی منصوبوں کے لیے درختوں کی کٹائی کرنے سے روک دیا جبکہ ریمارکس دیئے کہ ماحولیاتی تحفظ کے لئے صرف فیصلہ ہی نہیں، عملدرآمد بھی چاہتے ہیں۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ درختوں کی کٹائی سے متعلق پی ایچ اے کے بنائے رولز کا مسودہ عدالت میں پیش کیا گیا۔ مسودے کے متن کے مطابق کوئی بھی گرین بیلٹ کسی تعمیراتی سرگرمی کے لیے استعمال نہیں (بقیہ نمبر 53)

قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں، ہر حملے کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، پیپلز پارٹی

طالبان رجیم کو ہماری مسلح افواج نے بھارتی پراکسی کو ناکوں چنے چبوا دیئے

پوری قوم اپنے مسلح افواج کی پشت پر سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے، راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے قائدین نے پاکستان پر افغان طالبان کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہر حملے کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ سابق وزیراعظم وصدر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف نے اپنے بیان میں کہا کہ طالبان رجیم نے پاکستان پر حملہ کر کے محسن کشی کی ہے، ہماری مسلح افواج نے بھارتی پراکسی کو ناکوں چنے چبوا دیئے، افغان طالبان کو اندازہ نہیں کہ انہوں نے کس قوم کو للکارا ہے، ابھی وقت ہے افغانستان بھارتی پراکسی کے طور پر کام کرنا بند کردے۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں، ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے، ملک پر آنچ نہیں آنے دیں گے، ہر حملے کا دندان شکن (بقیہ نمبر 43)

لاہور: وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں طلبا و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے جا رہے ہیں

24 مجرمان اشتہاریوں سمیت 41 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

قبضہ سے 421 گرام آئس، 145 گرام ہیروئن، 110 گرام چرس برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 24 مجرمان اشتہاریوں سمیت 41 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے (بقیہ نمبر 44)

42 روز کے دوران شہر بھر سے 377 پیشہ ور بھکاری گرفتار

گداگری کی روک تھام کے لیے کڑی نگرانی کی جا رہی ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 42 روز کے دوران شہر بھر سے 377 پیشہ ور بھکاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، (بقیہ نمبر 54)

3 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 10 لیٹر اور 25 بوتل شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ دھمیال، کہوٹہ اور وارث خان کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چوہدری شافع حسین کی پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے آفس آمد

پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ میں بعض ترامیم کی منظوری، ترامیم کی تجاویز منظوری کیلئے پنجاب کابینہ کو بھجوائی جائیں گی

فنی تعلیم کے ادارے پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی میں آن لائن رجسٹریشن کرا سکتے ہیں، جاب پورٹل بھی پوری طرح فعال ہے، شافع حسین

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے آفس میں اتھارٹی بورڈ کے 8ویں اجلاس کی صدارت کی جس میں 20 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ ڈی جی پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی سارہ رشید نے ایجنڈا آئٹمز بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 2019 میں بعض ترامیم کی منظوری دی (بقیہ نمبر 35)

ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 27 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 27 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گینگ سے مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 27 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر (بقیہ نمبر 55)

3 منشیات سپلائر گرفتار، چار کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے چار کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کلو 800 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 760 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

لاہور: وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت ہوم اکنامکس یونیورسٹی میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب میں مہمانوں اور طالبات کا گروپ فوٹو

ڈی آئی جی اسلام آباد کا مساجد کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

کسی بھی عناصر کو امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد نے سینئر پولیس افسران کے ہمراہ نماز تراویح اور سحری کے اوقات میں ضلع بھر کی مساجد کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا کے ہمراہ نماز تراویح اور سحری کے اوقات میں ضلع بھر کی (بقیہ نمبر 45)

پاک افغان کشیدگی، قطر نے ثالثی کی پیشکش کردی

دوحہ (آئی آئی پی) پاک افغان کشیدگی پر قطر نے بھی ثالثی کی پیشکش کردی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قطری حکام نے افغان طالبان کے نمائندوں سے بھی رابطہ کیا، دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں ثالثی کی تجویز دی گئی۔

صراف تاجر کے 35 لاکھ روپے کی آرٹیفیشل جیولری خرد برد

نجی ٹرانسپورٹ کمپنی کی کارگو سروس کے مالک اور ملازمین کے خلاف مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا صراف تاجر کے 35 لاکھ روپے کے آرٹیفیشل جیولری خرد برد کرنے پر نجی ٹرانسپورٹ کمپنی کی کارگو سروس کے مالک اور ملازمین کے خلاف مقدمہ زیر دفعہ 407 ت پ درج کرلیا اور مصروف تفتیش ہے ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ مقام حیات کے صراف تاجر محمد ناصر نے بتایا کہ فینسی آرٹیفیشل جیولری کا کاروبار کرتا ہے جس نے چند روز قبل کوئٹہ کے خریدار تاج کو 35 لاکھ روپے مالیتی آرٹیفیشل جیولری (بقیہ نمبر 36)

پولیس اہلکار مسجد شہداء میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے لئے آنے والے شہری کے بیگ کی تلاشی لے رہا ہے

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی 2 مقدمات میں ضمانتیں منظور

اسلام آباد (آئی آئی پی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی 2 مقدمات میں ضمانتیں منظور کر لیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے مقدمات کی سماعت کی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی اسلام آباد ہائی کورٹ اور پریس کلب کے باہر احتجاج کے کیسز میں ضمانتیں منظور ہوئی ہیں۔ عدالت نے 5، 5 ہزار روپے کے مچلکوں کی عوض ضمانتیں منظور کی۔ عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو متعلقہ مقدمات میں رہا کرنے کا بھی حکم دے دیا۔

قومی سلامتی کو للکارنے والوں کو منہ کی کھانا پڑے گی، حمزہ

افغان سرحد پر جارحیت کے موثر جواب پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب و نائب صدر مسلم لیگ (ن) حمزہ شہباز شریف نے افغان سرحد پر جارحیت کے موثر جواب پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن عزیز کی سلامتی اور سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ افواج پاکستان کی جانب سے سرحدی خلاف ورزی کا منہ توڑ اور فیصلہ کن جواب دیا گیا ہے، دہشتگردی اور جارحیت کا جواب پاکستان اچھے طریقے سے دینا جانتا (بقیہ نمبر 37)

افغان طالبان نے حملہ کر کے بھیانک غلطی کی، وزیر داخلہ

افغان طالبان نے معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ افغان طالبان نے حملہ کر کے بھیانک غلطی کی، افغان طالبان کی جارحیت پر پاک فوج نے منہ توڑ جواب دیا۔ ایک بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ بزدل دشمن نے رات کی تاریکی میں وار کیا، افغان طالبان نے معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 38)

سرکل میں زیادتی، قتل کے واقعات، سی سی ڈی کی خاموشی پر تشویشناک

پنجاب بھر میں سی سی ڈی کے دھواں دار ایکشن، مگر سرکل گوجرخان میں خطرناک مجرم بے لگام، متاثرین پر دباؤ اور نام نہاد صلح کا مکروہ کھیل جاری

بچے اور خواتین غیر محفوظ سنگین جرائم پر عوامی حلقوں کا وزیراعلیٰ مریم نواز اور سربراہ سی سی ڈی سے فوری سخت نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان میں خواتین اور معصوم بچوں کے ساتھ زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات نے شہریوں کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا۔ عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کو لگام ڈالنے کے لیے جہاں پنجاب کے دیگر اضلاع و تحصیلوں میں سی سی ڈی متحرک کردار ادا کر رہی ہے، وہیں تحصیل گوجرخان میں سنگین جرائم کے باوجود سی سی ڈی کی عدم موجودگی سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق جنسی درندگی، قتل و غارت، منشیات فروشی اور دیگر (بقیہ نمبر 56)

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی، 31 افراد زیر حراست

رواں سال 606 مقدمات درج کر کے 675 افراد کو حراست میں لیا جا چکا ہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 31 افراد کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 8 مقدمات درج کر کے 31 افراد کو حراست میں لے لیا گیا، کرایہ داروں کی رجسٹریشن نہ کروانا قابل سزا جرم ہے زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ دھمیال، جاتلی، سول لائنز، وارث خان، نیوٹاؤن اور روات کے علاقوں میں کی گئیں، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر کرایہ داری ایکٹ کے نفاذ کے لیے کریک ڈاؤن جاری (بقیہ نمبر 57)

سینیٹ میں افغان جارحیت کیخلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور

کوئی پاکستانی کی سالمیت کو چیلنج کرے گا اسے سخت جواب ملے گا، متن

اسلام آباد (آئی آئی پی) سینیٹ نے افغان جارحیت کے خلاف قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، قرارداد پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے پیش کی۔ سینیٹ میں پیش کی گئی قرارداد کے متن کے مطابق پاکستان پر افغان طالبان کی جانب سے حملہ کیا گیا۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ایوان افغان جارحیت کی مذمت کرتا ہے، یہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، کوئی پاکستانی کی سالمیت کو چیلنج کرے گا اسے سخت جواب ملے گا۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے 40 سال لاکھوں افغانوں کو پناہ دی، گڈ ول کے بجائے افغانستان ہر (بقیہ نمبر 46)

دہشت گردی سے متعلق تھریٹ، سرحدی کشیدگی، سکیورٹی ہائی الرٹ

اہم سرکاری عمارتوں خصوصاً حساس، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی تنصیبات کی سکیورٹی انتہائی سخت کردی گئی

بڑی اور حساس مساجد، امام بارگاہوں کے باہر تین درجاتی سکیورٹی، اطراف میں پارکنگ منع، چھتوں پر سنائپرز تعینات

لاہور (این این آئی) فتنہ الخوارج کے لاہور میں دہشتگردی کے منصوبے سے متعلق تھریٹ اور پاکستان، افغانستان کے درمیان سرحدی کشیدگی کے بعد صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ ہے، اہم سرکاری عمارتوں خصوصاً حساس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی تنصیبات کی سکیورٹی انتہائی سخت کردی گئی، نماز جمعہ انتہائی سخت سکیورٹی میں ادا کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق فتنہ الخوارج کے دہشتگردی کی صوبائی دارالحکومت لاہور میں تخریبی کارروائی کے سکیورٹی تھریٹ جاری ہونے پر لاہور سمیت صوبہ بھر (بقیہ نمبر 39)

پاک افغان کشیدہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار

اسلامی ممالک اپنا کردار ادا کریں، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن

لاہور (آئی آئی پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے پاک، افغان کشیدہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسلامی ممالک سے اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کی جانب سے اس اہم اور نازک موقع پر قومی مشاورت سے گریز ناقابل فہم ہے، فوری طور پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلایا جائے اور تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ (بقیہ نمبر 47)

پنجاب پولیس میں 9 افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم نے 9 پولیس افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور میں خالی سیٹوں پر افسران کی تعیناتیاں کی گئیں، اسماعیل الرحمٰن کو ایس ایس پی سپیشل برانچ انویسٹی گیشن لاہور تعینات، سید عمران کرامت بخاری کو ایس پی پولیس ٹریننگ کالج لاہور تعینات، محمد عمر ایس پی سکیورٹی لاہور تعینات، عبداللہ عمران ایس پی انویسٹی گیشن صدر لاہور تعینات، اختر نواز ایس (بقیہ نمبر 40)

لاہور عوامی رکشہ یونین کے زیر اہتمام افواج پاکستان سے یکجہتی کا اظہار کیا جا رہا ہے

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035